DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 17.09.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | خودکاری فائلنگ سسٹم شفافیت اور اچھی حکمرانی کی جانب سنگ میل ہے، میر سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | حکومت کھیلوں کے فروغ کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے، بخت محمد کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | پاک افواج نے ہر مشکل میں اول دستے کا کردار ادا کیا، فیصل خان جمالی | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | شہداء کی بدولت ہی ملک وقوم محفوظ ہیں، میر علی حسن زہری | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | بلوچستان میں ایکوا کلچر کیلئے قدرتی طور پر نہایت موزوں ہے، بلال کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | ریکوڈک منصوبے کیلئے 5.5 ارب ڈالر سے زائد کی بین الاقوامی فنانسنگ حاصل | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | بلوچستان میں ڈیڑھ ماہ بعد دفعہ 144 کا خاتمہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | بلوچستان ہائی کورٹ نے کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق درخواست سماعت کیلئے منظور کر لی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | ای فائلنگ سسٹم کا مقصد شفافیت کو فروغ دینا ہے، سیکرٹری اطلاعات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | محکمے ڈی اے سی کے اجلاس وقت پر منعقد بے ضابطگیوں دور کریں، پی اے سی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | بلوچستان کے دو مغوی اسسٹنٹ کمشنرز تا حال بازیاب نہ ہو سکے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | منفی تنقید پر توجہ دیئے بغیر بہتر کام ہی مخالفین کا جواب ہے، کمشنر کوئٹہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | چیف منسٹر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ اینڈ اوورسیز اپلائمنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے کا آغاز | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کوئٹہ میں دودھ، دہی کی جانچ مہم جاری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | بیلہ کے رہنما بلوچ کے گھر پر حملہ قابل مذمت ہے، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | نوجوانوں کو اغواء اور لاپتہ کئے جانے سے معاشرہ افراتفری کا شکار ہے، جماعت اسلامی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | بلوچستان کے مسائل اور سیاسی بحران گہرا ہوتا جارہا ہے، لشکری رئیسانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | شراب کے لائسنس جاری کرنا اسلامی تعلیمات کیخلاف ہے، جمعیت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | بحرانوں کے حل کیلئے اجتماعی بصیرت کیساتھ آگے بڑھا جائے، مولانا مواسع | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | جبری گمشدگیاں ماورائے آئین اور انسانی حقوق کے خلاف ہیں، مقررین | جنگ ودیگر اخبارات |

**امن وامان:**

تربت میں سیکورٹی فورسز کا آپریشن کالعدم تنظیم کے دو دہشتگرد ہلاک، کوئٹہ انسانی سمگلنگ میں ملوث ایجنٹ اور پانچ افغان باشندے گرفتار، ڈی ایم جمالی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو بھائی قتل، ٹرانسپورٹر کا کسٹم حکام پر بھاری رشوت لینے کا الزام، خالق آباد منگچر سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد، سوراب مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد زخمی

**عوامی مسائل:**

دالبندین میونسپل کمیٹی ملازمین کا تنخواہوں کی بندش کیخلاف احتجاج شہر میں صفائی کا نظام درہم برہم

CamScanner

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 17.09.2025

## اداریہ:

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ بلوچستان کے تمام شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں چونکہ یہ معدنیات سے مالا مال صوبہ ہے اس وجہ سے اس کے کئی شعبوں میں سرمایہ کاری ہوسکتی ہے اس سلسلے میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بھی سرگرم تھے وہاں انہوں نے چینی سرمایہ کاروں سے ملاقاتیں کرکے ان کو اس بارے میں آگاہ کیا ہے کہ وہ آئیں بلوچستان میں سرمایہ کاری کریں، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بھی سرمایہ کاری کے حوالے سے متعدد بات بیانات دے چکے ہیں انہوں نے اس سلسلے میں صوبائی حکومت کی جانب سے سرمایہ کارون کو مکمل تحفظ دینے کیساتھ دیگر مراعات دینے کی بات کی ہے جو کہ بلوچستان اور اس کی عوام کے بہترین مفاد میں ہے، گزشتہ روز گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل نے چائینز بزنس مین پر مشتمل وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں موجودہ وفاقی اور صوبائی دونوں حکومتیں تمام قومی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو مکمل تحفظ فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہیں بلوچستان کوسٹل بیلٹ پر ترقی فشریز کی ترقی کے وسیع مواقع ہیں، ماہی گیری سمیت زراعت اور لائیوسٹاک میں بھی چائینز اور دیگر ترقی یافتہ ممالک کے تجربات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں،

## اداریے :

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**تربت ریموٹ کنٹرول دھماکہ کیپٹن سمیت پانچ سیکورٹی اہلکار شہید 31 دہشتگرد ہلاک**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**بلوچستان میں سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Action against illegal trawling" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضمون:

روزنامہ سنچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**این ایف سی ایوارڈ: وزیر اعلیٰ کی اپوزیشن اور دیگر جماعتوں سے مشاورت**" کے عنوان سے رضا الرحمان نے مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**سبی گرینڈ جرگہ 2025ء**" کے عنوان سے رضا الرحمان نے مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت کی بے مثال کارکردگی کا جائزہ**" کے عنوان سے خصوصی رپورٹ شائع کی۔

برائے ڈائریکٹر جنرل

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSIT[AN]

نظامت اعلیٰ تعلقا[ت عامہ]
حکومت بلو[چستان]

Bullet No. 1

Page No. 1

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 بدھ 23 ربیع الاول 1447ھ 17 ستمبر 2025ء نمبر 254

## خودکار ای فائلنگ سسٹم شفافیت اور اچھی حکمرانی کی جانب سنگ میل ہے
سرفراز بگٹی

ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کرائے گا، منصوبوں پر پیش رفت اور مالیاتی امور کی نگرانی عام شہری بھی کرسکیں گے

**اس نظام سے مالیاتی امور میں مشکلات پیدا کرنیوالے روایتی اور غیر شفاف طریقے ختم ہوجائینگے، افتتاحی تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (ط ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں متعارف کرایا گیا ملک کا پہلا خودکار ڈیجیٹل مالیاتی ای۔ فائلنگ سسٹم شفافیت، اچھی حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب ایک سنگ میل ہے، جس سے نہ صرف مالیاتی امور میں تیزی آئے گی بلکہ عوام کو براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی بھی حاصل ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں فنانس ای۔ فائلنگ سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، اور انتظامی محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ سسٹم محض ایک ای۔ فائلنگ نہیں بلکہ مکمل مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے۔ اس کے ذریعے ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کروائے گا اور ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی۔ اس نظام سے وہ تمام روایتی رکاوٹیں اور غیر شفاف طریقہ کار ختم ہوں گے جو برسوں سے مالیاتی امور میں مشکلات پیدا کرتے رہے انہوں نے کہا کہ ای۔ فائلنگ سسٹم سے افسران کو بروقت اور درست فیصلے کرنے میں مدد ملے گی، جبکہ عام شہری بھی اپنے موبائل یا لیپ ٹاپ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور مالیاتی امور کی نگرانی کرسکیں گے وزیر اعلیٰ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ عام آدمی کے لیے یہ سہولت شفافیت کی ایک حقیقی مثال ہوگی کیونکہ وہ دیکھ سکے گا کہ اس کے حلقے میں کون سا کام کہاں تک پہنچا ہے اور کون سا منصوبہ صرف کاغذوں میں مکمل دکھایا گیا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ یہ سسٹم صوبائی حکومت کی شفاف طرز حکمرانی کا ثبوت ہے جس سے پبلک سیکٹر میں ''انڈر ٹیبل'' طریقہ کار مکمل طور پر ختم ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ٹیکنالوجی کا دور ہے، دنیا بہت آگے نکل چکی ہے اور اب بلوچستان بھی جدید خطوط پر استوار ہو رہا ہے انہوں نے تمام سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے محکموں میں ای۔ فائلنگ سسٹم کو جلد از جلد نافذ کریں تاکہ پورے بلوچستان میں کاغذی کارروائی بتدریج ختم ہو اور تمام امور صرف ڈیجیٹل طریقے سے نمٹائے جائیں انہوں نے کہا کہ کابینہ کے اجلاس بھی اب ڈیجیٹل ڈیوائسز کے ذریعے منعقد ہوں گے تاکہ فیصلوں میں غیر ضروری تاخیر ختم کی جا سکے وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر سسٹم کی تیاری میں شامل افسران اور ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اعلان کیا کہ اس منصوبے پر کام کرنے والے سرکاری ملازمین کو ایک ماہ کی اضافی بونس تنخواہ دی جائے گی جبکہ آئی ٹی شعبے کے ماہرین کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

## لورالائی: کیپٹن وقار اور نائیک عصمت اللہ کی نماز جنازہ میں وزیر اعلیٰ کی شرکت

**ایم پی اے نور اللہ، کمشنر ولی محمد بڑیچ، ایف سی پبلک اسکول کے طلبا سمیت اعلیٰ سول و عسکری قیادت بھی شریک ہوئی**

تدفین کے موقع پر پاک فوج زندہ باد اور پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعرے، شہدا کو سلامی پیش کی گئی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) لورالائی کینٹ میں وطن کی حفاظت کے دوران جان کا نذرانہ پیش کرنے والے شہید کیپٹن وقار احمد کاکڑ اور شہید نائیک عصمت اللہ کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی، ایم پی اے مولانا نور اللہ، کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ سمیت اعلیٰ سول و عسکری قیادت کے افسران، قبائلی عمائدین، علمائے کرام، ایف سی اہلکار، ایف سی پبلک اسکول کے طلباء اور شہداء کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی جنازے کے موقع پر شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی شرکاء نے شہدا کا آخری دیدار کیا، نعرہ تکبیر، ''پاکستان زندہ باد'' اور ''پاک فوج پائندہ باد'' کے فلک شگاف نعرے بلند کیے تقریب کے دوران شہداء کو سلامی پیش کی گئی اور اعلیٰ حکام کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی گئی۔ قوم اپنے ان سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔

## وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس، گوادر کو پانی کی فراہمی یقینی بنانے کا جائزہ

**نئی پائپ لائن سے گھریلو کنکشنز کی فراہمی کے عمل کو بھی تیزی سے مکمل کیا جائے، وزیر اعلیٰ کی ہدایت**

کوئٹہ (ط ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری پبلک ہیلتھ ہاشم غلزئی، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نور الحق بلوچ، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن خان، ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمٰن سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں گوادر کو مستقل بنیادوں پر پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہدایت دی کہ میرانی ڈیم سے پائپ لائن کے ذریعے گوادر کو پانی کی سپلائی سے متعلق فیزیبلٹی رپورٹ فوری طور پر تیار کی جائے، تاکہ منصوبہ وفاقی اور صوبائی حکومت کی شراکت سے مکمل کیا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ نے جی ڈی اے کو ہدایت دی کہ نئی پائپ لائن سے گھریلو کنکشنز کی فراہمی کے عمل کو تیز کرتے ہوئے فوری طور پر مکمل کیا جائے، جبکہ شادی کور ڈیم سے پانی کی باقاعدہ سپلائی شروع کرنے اور واٹر ڈیسیلینیشن پلانٹ کو مزید فعال بنانے کی بھی ہدایات جاری کی گئیں۔ اسی طرح پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کو سنٹر میں بورنگ سسٹم جلد فعال کرتے ہوئے پانی کی فراہمی شروع کرنے کی ہدایت دی گئی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نور الحق بلوچ کو گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل کے لیے نمائندہ مقرر کیا، جو تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ اور کوآرڈینیشن کی ذمہ داری انجام دیں گے۔




کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے پہلے فنانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کا افتتاح کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی سے پی پی کے صوبائی صدر سردار عمر گورگیج اور رہائی کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

CLIP

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITA

نظامت اعلیٰ تعلق
حکومت بلو


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | بدھ 23 ربیع الاول 1447ھ 17 ستمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 72

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے


Bullet No. 1

Page No. 2

# ڈیجیٹل مالیاتی ای فائلنگ سسٹم نافذ، محکمے اخراجات کا تخمینہ آن لائن جمع کرانے کے پابند، شہری مالیاتی امور کی نگرانی کر سکیں گے، وزیراعلیٰ

یہ سسٹم محض ایک ای۔ فائلنگ نہیں بلکہ مکمل مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے، ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی، میر سرفراز بگٹی

عام آدمی کے لیے یہ سہولت شفافیت کی ایک حقیقی مثال ہوگی کیونکہ وہ دیکھ سکے گا کہ اس کے حلقے میں کون سا کام کہاں تک پہنچا ہے اور کون سا منصوبہ صرف کاغذوں میں مکمل دکھایا گیا ہے

صوبائی حکومت عوامی وسائل کے مؤثر اور شفاف استعمال کے لیے پرعزم، شفاف حکمرانی کا وہ خواب جو اسمبلی فلور پر وعدے کی صورت میں کیا گیا تھا آج حقیقت کا روپ دھار چکا ہے

بلوچستان میں کاغذی کارروائی بتدریج ختم، اور تمام امور صرف ڈیجیٹل طریقے سے نمٹائے جائیں گے، کابینہ کے اجلاس بھی اب ڈیجیٹل ٹیلیلیس کے ذریعے منعقد ہوں گے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ، (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں متعارف کرایا گیا ملک کا پہلا خودکار ڈیجیٹل مالیاتی ای۔ فائلنگ سسٹم شفافیت، اچھی حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب ایک سنگ میل ہے، جس سے نہ صرف مالیاتی امور میں تیزی آئے گی بلکہ عوام کو براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی بھی حاصل ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں فنانس ای۔ فائلنگ سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، اور انتظامی محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ سسٹم محض ایک ای۔ فائلنگ نہیں بلکہ مکمل مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے۔ اس کے ذریعے ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کروائے گا اور ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی۔ اس نظام سے وہ تمام روایتی رکاوٹیں اور غیر شفاف طریقہ کار ختم ہوں گے جو برسوں سے مالیاتی امور میں مشکلات پیدا کرتے رہے انہوں نے کہا کہ ای۔ فائلنگ سسٹم سے افسران کو بروقت اور درست فیصلے کرنے میں مدد ملے گی، جبکہ عام شہری بھی اپنے موبائل یا لیپ ٹاپ کے ذریعے........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور مالیاتی امور کی نگرانی کر سکیں گے وزیراعلیٰ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ عام آدمی کے لیے یہ سہولت شفافیت کی ایک حقیقی مثال ہوگی کیونکہ وہ دیکھ سکے گا کہ اس کے حلقے میں کون سا کام کہاں تک پہنچا ہے اور کون سا منصوبہ صرف کاغذوں میں مکمل دکھایا گیا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ یہ سسٹم صوبائی حکومت کی شفاف طرز حکمرانی کا ثبوت ہے۔ جس سے پبلک سیکٹر میں "انڈر ٹیبل" طریقہ کار مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ٹیکنالوجی کا دور ہے، دنیا بہت آگے نکل چکی ہے اور اب بلوچستان بھی جدید خطوط پر استوار ہو رہا ہے انہوں نے تمام سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے محکموں میں ای۔ فائلنگ سسٹم کو جلد از جلد نافذ کریں تاکہ پورے بلوچستان میں کاغذی کارروائی بتدریج ختم ہو اور تمام امور صرف ڈیجیٹل طریقے سے نمٹائے جائیں انہوں نے کہا کہ کابینہ کے اجلاس بھی اب ڈیجیٹل ٹیلیلیس کے ذریعے منعقد ہوں گے تاکہ فیصلوں میں غیر ضروری تاخیر ختم کی جا سکے وزیراعلیٰ نے اس موقع پر سسٹم کی تیاری میں شامل افسران اور ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اعلان کیا کہ اس منصوبے پر کام کرنے والے سرکاری ملازمین کو ایک ماہ کی اضافی بونس تنخواہ دی جائے گی جبکہ نجی شعبے کے ماہرین کی حوصلہ افزائی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ بلوچستان کے مقامی نوجوانوں اور سرکاری افسران کی محنت کا نتیجہ ہے اور اس پر کسی دوسرے صوبے یا شہر کا انحصار نہیں کیا گیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت عوامی وسائل کے مؤثر اور شفاف استعمال کے لیے پرعزم ہے اور یہ نظام اس خواب کو عملی شکل دینے کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں شفاف حکمرانی کا وہ خواب جو اسمبلی فلور پر وعدے کی صورت میں کیا گیا تھا آج حقیقت کا روپ دھار چکا ہے قبل ازیں سیکرٹری خزانہ عمران زرکون نے نئے ڈیجیٹل ای مالی نظام سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی اور متعارف کردہ نظام کے آپریٹنگ پروسیجر کا عملی مظاہرہ پیش کیا، تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس منصوبے پر کام کرنے والے مقامی آئی ٹی ماہرین کو تعریفی سرٹیفکیٹس بھی دیئے۔

# گوادر کو میرانی ڈیم سے پانی کی فراہمی کیلئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں، سرفراز بگٹی

فراہمی آب کیلئے فیزیبلٹی رپورٹ فوری طور پر تیار کی جائے، تاکہ یہ منصوبہ وفاق اور صوبائی حکومت کی شراکت سے مکمل کیا جا سکے

نئے پائپ لائن سے گھریلو کنکشنز کی فراہمی کے عمل کو تیز کرتے ہوئے فوری طور پر مکمل کیا جائے، وزیراعلیٰ کی بریفنگ کے موقع پر ہدایت

چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل کیلئے نمائندہ مقرر، پی ایچ ای کو پانی فراہم کرنے کے احکامات



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے سردار عمر خان گورگیج اور ربانی کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے پہلے فنانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل ........ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمن، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری پبلک ہیلتھ ہاشم غلزئی، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان، ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں گوادر کو مستقل بنیادوں پر پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایت دی کہ میرانی ڈیم سے پائپ لائن کے ذریعے گوادر کو پانی کی سپلائی سے متعلق فیزیبلٹی رپورٹ فوری طور پر تیار کی جائے، تاکہ یہ منصوبہ وفاقی اور صوبائی حکومت کی شراکت سے مکمل کیا جا سکے۔ وزیراعلیٰ نے جی ڈی اے کو ہدایت دی کہ نئے پائپ لائن سے گھریلو کنکشنز کی فراہمی کے عمل کو تیز کرتے ہوئے فوری طور پر مکمل کیا جائے، جبکہ شادی کور سے پانی کی باقاعدہ سپلائی شروع کرنے اور واٹر ڈیسیلینیشن پلانٹ کو مزید فعال بنانے کی بھی ہدایات جاری کی گئیں۔ اسی طرح پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کو سنٹر میں بورنگ سسٹم جلد فعال کرتے ہوئے پانی کی فراہمی شروع کرنے کی ہدایت دی گئی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ کو گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل کے لیے نمائندہ مقرر کیا

CamScanner

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری
جلد 23 شمارہ 273 | بدھ، 23 ربیع الاول، 17 ستمبر 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# ای فائلنگ سسٹم اچھی طرز حکمرانی کی جانب سنگ میل ہے، وزیر اعلیٰ

## نہ صرف مالیاتی امور میں تیزی آئے گی بلکہ عوام کو براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی حاصل ہوگی

## افسران بروقت و درست فیصلے کر سکیں گے، اسمبلی فلور پر جو وعدہ کیا تھا آج حقیقت کا روپ دھار چکا ہے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں متعارف کرایا گیا ملک کا پہلا خودکار ڈیجیٹل مالیاتی ای۔فائلنگ سسٹم شفافیت، اچھی حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب ایک سنگ میل ہے، جس سے نہ صرف مالیاتی امور میں تیزی آئے گی بلکہ عوام کو براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی بھی حاصل ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو چیف منسٹر سیکریٹریٹ میں فنانس (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

ای۔فائلنگ سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، اور انتظامی محکموں کے سیکریٹریز نے شرکت کی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ سسٹم محض ایک ای۔فائلنگ نہیں بلکہ مکمل مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے۔ اس کے ذریعے ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کروائے گا اور ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی۔ اس نظام سے وہ تمام روایتی رکاوٹیں اور غیر شفاف طریقہ کار ختم ہوں گے جو برسوں سے مالیاتی امور میں مشکلات پیدا کرتے رہے انہوں نے کہا کہ ای۔فائلنگ سسٹم سے افسران کو بروقت اور درست فیصلے کرنے میں مدد ملے گی، جبکہ عام شہری بھی اپنے موبائل یا لیپ ٹاپ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور مالیاتی امور کی نگرانی کرسکیں گے وزیر اعلیٰ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ عام آدمی کے لیے یہ سہولت شفافیت کی ایک حقیقی مثال ہوگی کیونکہ وہ دیکھ سکے گا کہ اس کے حلقے میں کون سا کام کہاں تک پہنچا ہے اور کون سا منصوبہ صرف کاغذوں میں مکمل دکھایا گیا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ یہ سسٹم صوبائی حکومت کی شفاف طرز حکمرانی کا ثبوت ہے، جس سے پبلک سیکٹر میں "انڈر ٹیبل" طریقہ کار مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ٹیکنالوجی کا دور ہے، دنیا بہت آگے نکل چکی ہے اور اب بلوچستان بھی جدید خطوط پر استوار ہو رہا ہے انہوں نے تمام سیکریٹریز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے محکموں میں ای۔فائلنگ سسٹم کو جلد از جلد نافذ کریں تاکہ پورے بلوچستان میں کاغذی کارروائی بتدریج ختم ہو اور تمام امور صرف ڈیجیٹل طریقے سے نمٹائے جائیں انہوں نے کہا کہ کابینہ کے اجلاس بھی اب ڈیجیٹل میٹنگز کے ذریعے منعقد ہوں گے تاکہ فیصلوں میں غیر ضروری تاخیر ختم کی جا سکے وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر سسٹم کی تیاری میں شامل افسران اور ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اعلان کیا کہ اس منصوبے پر کام کرنے والے سرکاری ملازمین کو ایک ماہ کی اضافی بونس تنخواہ دی جائے گی جبکہ نجی شعبے کے ماہرین کی حوصلہ افزائی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ بلوچستان کے مقامی نوجوانوں اور سرکاری افسران کی محنت کا نتیجہ ہے اور اس پر کسی دوسرے صوبے یا شہر کا انحصار نہیں کیا گیا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت عوامی وسائل کے موثر اور شفاف استعمال کے لیے پرعزم ہے اور یہ نظام اس خواب کو عملی شکل دینے کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں شفاف حکمرانی کا وہ خواب جو اسمبلی فلور پر وعدے کی صورت میں کیا گیا تھا آج حقیقت کا روپ دھار چکا ہے قبل ازیں سیکریٹری خزانہ عمران زرکون نے نئے ڈیجیٹل ای مالی نظام سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی اور متعارف کردہ نظام کے آپریٹنگ پروسیجر کا عملی مظاہرہ پیش کیا، تقریب کے اختتام پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس منصوبے پر کام کرنے والے مقامی آئی ٹی ماہرین کو تعریفی سرٹیفکیٹس بھی دیے۔

# وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت گوادر میں پانی بجلی کے مسائل پر اجلاس

## میرانی ڈیم سے پانی کی سپلائی کیلئے فزیبلٹی رپورٹ تیار، بورنگ سسٹم فعال کرنے کی ہدایت

## چیئرمین گوادر پورٹ نمائندہ مقرر، ہدایت الرحمان، چیف سیکرٹری اور اعلیٰ افسران شریک

کوئٹہ، گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمن، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری پبلک ہیلتھ ہاشم غلزئی، (باقی صفحہ 5 نمبر 13)

چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان، ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں گوادر کو مستقل بنیادوں پر پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہدایت دی کہ میرانی ڈیم سے پائپ لائن کے ذریعے گوادر کو پانی کی سپلائی سے متعلق فزیبلٹی رپورٹ فوری طور پر تیار کی جائے، تاکہ یہ منصوبہ وفاقی اور صوبائی حکومت کی شراکت سے مکمل کیا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ نے جی ڈی اے کو ہدایت دی کہ نئے پائپ لائن سے گھریلو کنکشنز کی فراہمی کے عمل کو تیز کرتے ہوئے فوری طور پر مکمل کیا جائے، جبکہ شادی کور سے پانی کی باقاعدہ سپلائی شروع کرنے اور واٹر ڈیسلینیشن پلانٹ کو مزید فعال بنانے کی بھی ہدایات جاری کی گئیں۔ اسی طرح پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کو سنٹسر میں بورنگ سسٹم جلد فعال کرتے ہوئے پانی کی فراہمی شروع کرنے کی ہدایت دی گئی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ کو گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل کے لیے نمائندہ مقرر کیا، جو تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ اور کوآرڈینیشن کی ذمہ داری انجام دیں گے۔




وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے پہلے فنانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے پہلے فنانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPP

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITA

نظامت اعلیٰ تع
حکومت بل

Bullet No. 1

Page No. 4

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4
قیمت 30 روپے
صفحات 6
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com.
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | بدھ 17 ستمبر 2025ء بمطابق 23 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 254

# ستان کے سرکاری دفاتر میں ای فائلنگ نظام کا افتتاح گڈ گورننس کا خواب پورا ہوگا

میر سرفراز بگٹی

نظام کو ایک سال کے دوران ختم کرکے جدت لائی جائیگی، محکمہ خزانہ نے جدید دفاتر کا نظام دنوں میں متعارف کرایا ہے، سرکاری سطح پر بلوچستان میں سب سے پہلے ای فائلنگ کا نظام رائج ہونا خوش آئند ہے

م آدمی کو سہولیات تک رسائی کو آسان بنارہی ہے، ای فائلنگ بہتر نظام حکومت کو ممکن بنائے گا، وزیراعلیٰ کا تقریب سے خطاب، نظام متعارف کرانے والی محکمہ خزانہ کی ٹیم کیلئے ایک تنخواہ بونس دینے کا اعلان

لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی تمام سرکاری دفاتر میں کاغذی نظام کو ایک ایک سال کے دوران ختم کرکے جدت لانے کا اعلان کیا ہے وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں ای فائلنگ نظام کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ ایک سال کی مدت میں تمام سرکاری دفاتر کا نظام ای فائلنگ سے جڑ جائے گا محکمہ خزانہ نے جدید نظام دنوں میں متعارف کرایا ہے چند ماہ میں پورے صوبے میں ای فائلنگ کا نظام کاغذی کارروائی سے پاک ہوگا سرکاری سطح پر بلوچستان میں سب سے پہلے ای فائلنگ کا نام رائج ہونا خوش آئند ہے حکومت عام ادمی کو سہولیات

بقیہ نمبر38 صفحہ 5 پر

تک رسائی کو آسان بنارہی ہے ای فائلنگ بہتر نظام حکومت کو ممکن بنائے گا سرکاری دفاتر میں عوامی خدمات ای فائلنگ نظام سے آسان ہوگی وزیراعلیٰ بلوچستان نے ای فائلنگ نظام متعارف کرانے والی محکمہ خزانہ کی ٹیم کے لئے ایک تنخواہ بونس دینے کا اعلان کیا اس موقع پر سیکریٹری خزانہ بلوچستان عمران زرکون نے منصوبے کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ محکمہ خزانہ کے ملازمین نے عوامی خدمت کا کام جدید نظام سے منسلک کرکے چھبیس کروڑ روپے کے اخراجات کے بچت کو ممکن بنایا کاغذی کارروائی کا طرز عمل صدیوں پرانا ہے کاغذی کارروائی کی ایک فائل دس ماہ کے طویل عرصے میں منطقی انجام تک پہنچتی تھی ای فائلنگ کے نظام میں دس ماہ کا کام ایک دن مکمل ہوگا محکمہ خزانہ بجٹ سے متعلق منصوبوں کے لئے بروقت رقم جاری کرسکے گا بلوچستان بھر کے تمام سرکاری دفاتر میں اے آئی فائلنگ کے نظام سے منسلک کردیا گیا ہے اے آئی نظام کے تحت سرکاری سطح پر خطوط بھی خودکار نظام کے تحت تیار کئے جائیں گے اگلے مرحلے میں واٹس ایپ کو بھی تحریری شکل دی جاسکے گی جدید نظام کے تحت فائل کے فائل گم ہونے کا تصور بھی ختم کردیا گیا ہے۔

## وزیراعلیٰ کی گوادر کو مستقل بنیادوں پر پانی کی فراہمی یقینی بنانیکی ہدایت

میرانی ڈیم سے سپلائی کی فزیبلٹی رپورٹ تیار کی جائے، چیئرمین جی پی اے کو مسائل کے حل کیلئے نمائندہ مقرر

گوادر (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا۔ اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان، سیکرٹری پبلک ہیلتھ ہاشم غلزئی، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ

بقیہ نمبر 47 صفحہ 5 پر

، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمان خان، ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمان سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں گوادر کو مستقل بنیادوں پر پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا، وزیراعلیٰ نے ہدایت دی کہ میرانی ڈیم سے پائپ لائن کے ذریعے گوادر کو پانی کی سپلائی سے متعلق فیزیبلٹی رپورٹ فوری طور پر تیار کی جائے تاکہ یہ منصوبہ وفاقی اور صوبائی حکومت کی شراکت سے مکمل کیا جاسکے۔ وزیراعلیٰ نے جی ڈی اے کو ہدایت دی کہ نئے پائپ لائن سے گھریلو کنکشنز کی فراہمی کے عمل کو تیز کرتے ہوئے فوری طور پر مکمل کیا جائے جبکہ شادی کور سے پانی کی باقاعدہ سپلائی شروع کرنے اور واٹر ڈیسیلینیشن پلانٹ کو مزید فعال بنانے کی بھی ہدایات جاری کی گئیں۔ اسی طرح پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کو سنٹر میں بورنگ سسٹم جلد فعال کرتے ہوئے پانی کی فراہمی شروع کرنے کی ہدایت دی گئی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ کو گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل کے لئے نمائندہ مقرر کیا، وہ تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ اور کوآرڈینیشن کی ذمہ داری انجام دیں گے۔



گوادر، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں مولانا ہدایت الرحمان بھی موجود ہیں




وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے پہلے فنانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کا افتتاح کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORA[TE] GENERAL OF [PUBLIC] RELATIONS BAL[OCHISTAN]

نظامت ا[...] حکو[...]

Bullet No. 1

[Pa]ge No. 5

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 بدھ 17 ستمبر 2025ء بمطابق 23 ربیع اول 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ 253

# ای فائلنگ سسٹم شفافیت اور مالیاتی اصلاحات کیلئے سنگ میل ہے، وزیراعلیٰ

اس کے ذریعے ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کروائے گا، ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی

سسٹم کی تیاری میں شامل افسران اور ٹیم کو ایک ماہ کی اضافی بونس تنخواہ دی جائے گی جبکہ فنی شعبے کے ماہرین کی حوصلہ افزائی کی جائے گی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں متعارف کرایا گیا ملک کا پہلا خودکار ڈیجیٹل مالیاتی ای۔ فائلنگ سسٹم شفافیت، اچھی حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب ایک سنگ میل ہے، جس سے نہ صرف مالیاتی امور میں تیزی آئے گی بلکہ عوام کو براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی بھی حاصل ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں فنانس ای۔ فائلنگ سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، اور انتظامی محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ سسٹم محض ایک ای۔ فائلنگ نہیں بلکہ مکمل مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے۔ اس کے ذریعے ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کروائے گا اور ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی۔ اس نظام سے وہ تمام روایتی رکاوٹیں اور غیر شفاف طریقہ کار ختم ہوں گے جو برسوں سے مالیاتی امور میں مشکلات پیدا کرتے رہے انہوں نے کہا کہ ای۔ فائلنگ سسٹم سے افسران کو بروقت اور درست فیصلے کرنے میں مدد ملے گی، جبکہ عام شہری بھی اپنے موبائل یا لیپ ٹاپ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور مالیاتی امور کی نگرانی کر سکیں گے وزیراعلیٰ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ عام آدمی کے لیے یہ سہولت شفافیت کی ایک حقیقی مثال ہوگی کیونکہ وہ دیکھ سکے گا کہ اس کے حلقے میں کون سا کام کہاں تک پہنچا ہے اور کون سا منصوبہ صرف کاغذوں میں مکمل دکھایا گیا ہے۔




کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے پہلے فنانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی فنانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORAT
GENERAL OF P
RELATIONS BALO

نظامت ا
حکو

Bullet No. 1

e No. 6

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | بدھ 17 ستمبر 2025ء بمطابق 23 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-253

## بلوچستان میں پہلے ڈیجیٹل مالیاتی ای فائلنگ سسٹم کا آغاز

# عوام کو براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی حاصل ہوگی

## میر سرفراز بگٹی

**صوبے میں متعارف کرایا گیا ملک کا پہلا خودکار ڈیجیٹل مالیاتی ای فائلنگ سسٹم شفافیت، اچھی حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب ایک سنگ میل ہے، اس سے مالیاتی امور میں تیزی آئے گی، مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے**

**اس نظام کے ذریعے ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کروائے گا اور ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی، نظام سے روایتی رکاوٹیں اور غیر شفاف طریقہ کار ختم ہوجائیگا**

**ای۔فائلنگ سسٹم سے افسران کو بروقت اور درست فیصلے کرنے میں مدد ملے گی، عام شہری بھی اپنے موبائل یا لیپ ٹاپ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور مالیاتی امور کی نگرانی کر سکیں گے، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں متعارف کرایا گیا ملک کا پہلا خودکار ڈیجیٹل مالیاتی ای۔فائلنگ سسٹم شفافیت، اچھی حکمرانی اور ٹیکنالوجی (بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 2 پر) کے استعمال کی جانب ایک سنگ میل ہے، جس سے نہ صرف مالیاتی امور میں تیزی آئے گی بلکہ عوام کو براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی بھی حاصل ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں فنانس ای۔فائلنگ سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، اور انتظامی محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ سسٹم محض ایک ای۔فائلنگ نہیں بلکہ مکمل مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے۔ اس کے ذریعے ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کروائے گا اور ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی۔ اس نظام سے وہ تمام روایتی رکاوٹیں اور غیر شفاف طریقہ کار ختم ہوں گے جو برسوں سے مالیاتی امور میں مشکلات پیدا کرتے رہے انہوں نے کہا کہ ای۔فائلنگ سسٹم سے افسران کو بروقت اور درست فیصلے کرنے میں مدد ملے گی، جبکہ عام شہری بھی اپنے موبائل یا لیپ ٹاپ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور مالیاتی امور کی نگرانی کرسکیں گے وزیراعلیٰ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ عام آدمی کے لیے یہ سہولت شفافیت کی ایک حقیقی مثال ہوگی کیونکہ وہ دیکھ سکے گا کہ اس کے حلقے میں کون سا کام کہاں تک پہنچا ہے اور کون سا منصوبہ صرف کاغذوں میں مکمل دکھایا گیا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ یہ سسٹم صوبائی حکومت کی شفاف طرز حکمرانی کا ثبوت ہے، جس سے پبلک سیکٹر میں "انڈر ٹیبل" طریقہ کار مکمل طور پر ختم ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ٹیکنالوجی کا دور ہے، دنیا بہت آگے نکل چکی ہے اور اب بلوچستان بھی جدید خطوط پر استوار ہو رہا ہے انہوں نے تمام سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے محکموں میں ای۔فائلنگ سسٹم کو جلد از جلد نافذ کریں تاکہ پورے بلوچستان میں کاغذی کارروائی بتدریج ختم ہو اور تمام امور صرف ڈیجیٹل طریقے سے نمٹائے جائیں انہوں نے کہا کہ کابینہ کے اجلاس بھی اب ڈیجیٹل ٹیبلیٹس کے ذریعے منعقد ہوں گے تاکہ فیصلوں میں غیر ضروری تاخیر ختم کی جاسکے وزیراعلیٰ نے اس موقع پر سسٹم کی تیاری میں شامل افسران اور ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اعلان کیا کہ اس منصوبے پر کام کرنے والے سرکاری ملازمین کو ایک ماہ کی اضافی بونس تنخواہ دی جائے گی جبکہ نجی شعبے کے ماہرین کی حوصلہ افزائی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ بلوچستان کے مقامی نوجوانوں اور سرکاری افسران کی محنت کا نتیجہ ہے اور اس پر کسی دوسرے صوبے یا شہر کا انحصار نہیں کیا گیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت عوامی وسائل کے مؤثر اور شفاف استعمال کے لیے پرعزم ہے اور یہ نظام اس خواب کو عملی شکل دینے کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں شفاف حکمرانی کا وہ خواب جو اسمبلی فلور پر وعدے کی صورت میں کیا گیا تھا آج حقیقت کا روپ دھار چکا ہے قبل ازیں سیکرٹری خزانہ عمران زرکون نے نئے ڈیجیٹل ای مالی نظام سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی اور متعارف کردہ نظام کے آپریٹنگ پروسیجر کا عملی مظاہرہ پیش کیا، تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس منصوبے پر کام کرنے والے مقامی آئی ٹی ماہرین کو تعریفی سرٹیفکیٹس بھی دیئے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی فنانس ای۔فائلنگ سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر عمر گورگیج ملاقات کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECT
GENERAL
RELATIONS

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 7

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی مولانا عبدالکریم

بیاد حبیب الرحمن

چیف ایڈیٹر برکت علی

جلد 77 | بدھ 17 ستمبر 2025ء، 23 ربیع الاول 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 16

# حکومت عوامی وسائل کے موثر و شفاف استعمال کیلئے پرعزم ہے، میر سرفراز بگٹی

صوبے میں متعارف کرایا گیا ملک کا پہلا خودکار ڈیجیٹل مالیاتی ای۔ فائلنگ سسٹم شفافیت، اچھی حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب ایک سنگ میل ہے، جس سے نہ صرف مالیاتی امور میں تیزی آئے گی بلکہ عوام کو براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی بھی حاصل ہوگی

یہ سسٹم محض ایک ای۔ فائلنگ نہیں بلکہ مکمل مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے۔ اس کے ذریعے ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کروائے گا اور ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈز اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی، وزیراعلیٰ بلوچستان کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں متعارف کرایا گیا ملک کا پہلا خودکار ڈیجیٹل مالیاتی ای۔ فائلنگ سسٹم شفافیت، اچھی حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب ایک سنگ میل (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

ہے، جس سے نہ صرف مالیاتی امور میں تیزی آئے گی بلکہ عوام کو براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی بھی حاصل ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں فنانس ای۔ فائلنگ سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، اور انتظامی محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ سسٹم محض ایک ای۔ فائلنگ نہیں بلکہ مکمل مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے۔ اس کے ذریعے ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کروائے گا اور ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی۔ اس نظام سے وہ تمام روایتی رکاوٹیں اور غیر شفاف طریقہ کار ختم ہوں گے جو برسوں سے مالیاتی امور میں مشکلات پیدا کرتے رہے انہوں نے کہا کہ ای۔ فائلنگ سسٹم سے افسران کو بروقت اور درست فیصلے کرنے میں مدد ملے گی، جبکہ عام شہری بھی اپنے موبائل یا لیپ ٹاپ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور مالیاتی امور کی نگرانی کر سکیں گے وزیر اعلیٰ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ عام آدمی کے لیے یہ سہولت شفافیت کی ایک حقیقی مثال ہوگی کیونکہ وہ دیکھ سکے گا کہ اس کے حلقے میں کون سا کام کہاں تک پہنچا ہے اور کون سا منصوبہ صرف کاغذوں میں مکمل دکھایا گیا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ یہ سسٹم صوبائی حکومت کی شفاف طرز حکمرانی کا ثبوت ہے جس سے پبلک سیکٹر میں "انڈر ٹیبل" طریقہ کار مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔

## وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

گوادر کو مستقل بنیادوں پر پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ / گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت گوادر (بقیہ 15 صفحہ 2 پر)

میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمن، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری پبلک ہیلتھ ہاشم غلزئی، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان، ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں گوادر کو مستقل بنیادوں پر پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہدایت دی کہ میرانی ڈیم سے پائپ لائن کے ذریعے گوادر کو پانی کی سپلائی سے متعلق فیزیبلٹی رپورٹ فوری طور پر تیار کی جائے، تاکہ یہ منصوبہ وفاقی اور صوبائی حکومت کی شراکت سے مکمل کیا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ نے جی ڈی اے کو ہدایت دی کہ نئے پائپ لائن سے گھریلو کنکشنز کی فراہمی کے عمل کو تیز کرتے ہوئے فوری طور پر مکمل کیا جائے، جبکہ شادی کور سے پانی کی باقاعدہ سپلائی شروع کرنے اور واٹر ڈیسلینیشن پلانٹ کو مزید فعال بنانے کی بھی ہدایات جاری کی گئیں۔ اسی طرح پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کو سنٹر میں بورنگ سسٹم جلد فعال کرتے ہوئے پانی کی فراہمی شروع کرنے کی ہدایت دی گئی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ کو گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل کے لیے نمائندہ مقرر کیا، جو تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطے اور کوآرڈینیشن کی ذمہ داری انجام دیں گے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے پہلے فنانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زرین خان مگسی ملاقات کر رہے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTO
GENERAL O
RELATIONS BA

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

Page No. 8

جلد 28 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 15 روپے | MEMBER OF APNS | شمارہ 209

بدھ 17 ستمبر 2025ء | 23 ربیع الاول | 1447ھ | رجسٹرڈ ایل سی بی 10-

# ای فائلنگ سسٹم کا انعقاد، ان ڈیجیٹل طریقہ کار مکمل ختم ہو جائے گا، سرفراز بگٹی

## مالیاتی امور میں تیزی اور عوام کو براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی حاصل ہوگی

### نظام سے وہ تمام روایتی رکاوٹیں اور غیر شفاف طریقہ کار ختم ہوں گے جو برسوں سے مالیاتی امور میں مشکلات پیدا کرتے رہے، افتتاحی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں متعارف کرایا گیا ملک کا پہلا خودکار ڈیجیٹل مالیاتی ای۔فائلنگ سسٹم شفافیت، اچھی حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب ایک سنگ میل ہے، جس سے نہ صرف مالیاتی امور میں تیزی آئے گی بلکہ عوام کو براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی بھی حاصل ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو چیف منسٹر سیکریٹریٹ میں فنانس ای۔فائلنگ سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، اور انتظامی محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ سسٹم محض ایک ای۔فائلنگ نہیں بلکہ مکمل مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے۔ اس کے ذریعے ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کروائے گا اور ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی۔ اس نظام سے وہ تمام روایتی رکاوٹیں اور غیر شفاف طریقہ کار ختم ہوں گے جو برسوں سے مالیاتی امور میں مشکلات پیدا کرتے رہے انہوں نے کہا کہ ای۔فائلنگ سسٹم سے افسران کو بروقت اور درست فیصلے کرنے میں مدد ملے گی، جبکہ عام شہری بھی اپنے موبائل یا لیپ ٹاپ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور مالیاتی امور کی نگرانی کر سکیں گے وزیر اعلیٰ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ عام آدمی کے لیے یہ سہولت شفافیت کی ایک حقیقی مثال ہوگی کیونکہ وہ دیکھ سکے گا کہ اس کے حلقے میں کون سا کام کہاں تک پہنچا ہے اور کون سا منصوبہ صرف کاغذوں میں مکمل دکھایا گیا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ یہ سسٹم صوبائی حکومت کی شفاف طرز حکمرانی کا ثبوت ہے جس سے پبلک سیکٹر میں "انڈر ٹیبل" طریقہ کار مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ٹیکنالوجی کا دور ہے، دنیا بہت آگے نکل چکی ہے اور اب بلوچستان بھی جدید خطوط پر استوار ہو رہا ہے انہوں نے تمام سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے محکموں میں ای۔فائلنگ سسٹم کو جلد از جلد نافذ کریں تاکہ پورے بلوچستان میں کاغذی کارروائی بتدریج ختم ہو اور تمام امور صرف ڈیجیٹل طریقے سے نمٹائے جائیں انہوں نے کہا کہ کابینہ کے اجلاس بھی اب ڈیجیٹل طریقے سے منعقد ہوں گے تاکہ فیصلوں میں غیر ضروری تاخیر ختم کی جا سکے وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر سسٹم کی تیاری میں شامل افسران اور ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اعلان کیا کہ اس منصوبے پر کام کرنے والے سرکاری ملازمین کو ایک ماہ کی اضافی بونس تنخواہ دی جائے گی جبکہ آئی ٹی شعبے کے ماہرین کی حوصلہ افزائی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ بلوچستان کے مقامی نوجوانوں اور سرکاری افسران کی محنت کا نتیجہ ہے اور اس پر کسی دوسرے صوبے یا شہر کا انحصار نہیں کیا گیا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت عوامی وسائل کے مؤثر اور شفاف استعمال کے لیے پرعزم ہے اور یہ نظام اس خواب کو عملی شکل دینے کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں شفاف حکمرانی کا وہ خواب جو اسمبلی فلور پر وعدے کی صورت میں کیا گیا تھا آج حقیقت کا روپ دھار چکا ہے قبل ازیں سیکرٹری خزانہ عمران زرکون نے نئے ڈیجیٹل ای مالی نظام سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی اور متعارف کردہ ایس او پیز کے آپریٹنگ پروسیجر کا عملی مظاہرہ پیش کیا۔ تقریب کے اختتام پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس منصوبے پر کام کرنے والے مقامی آئی ٹی ماہرین کو تعریفی سرٹیفکیٹس بھی دیئے۔

# وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

### اجلاس میں گوادر کو مستقل بنیادوں پر پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تجاویز کا جائزہ

کوئٹہ/گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمن، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان،

بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سیکرٹری پبلک ہیلتھ ہاشم غلزئی، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان، ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں گوادر کو مستقل بنیادوں پر پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہدایت دی کہ سوراگی ڈیم سے پائپ لائن کے ذریعے گوادر کو پانی کی سپلائی سے متعلق فیزیبلٹی رپورٹ فوری طور پر تیار کی جائے، تاکہ یہ منصوبہ وفاقی اور صوبائی حکومت کی شراکت سے مکمل کیا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ نے جی ڈی اے کو ہدایت دی کہ نئے پائپ لائن سے گھریلو کنکشنز کی فراہمی کے عمل کو تیز کرتے ہوئے فوری طور پر مکمل کیا جائے، جبکہ شادی کور سے پانی کی باقاعدہ سپلائی شروع کرنے اور واٹر ڈیسیلینیشن پلانٹ کو مزید فعال بنانے کی بھی ہدایات جاری کی گئیں۔ اسی طرح پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کو سنٹر میں بورنگ سسٹم جلد فعال کرتے ہوئے پانی کی فراہمی شروع کرنے کی ہدایت دی گئی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ کو گوادر میں پانی اور بجلی کے مسائل کے حل کے لیے نمائندہ مقرر کیا، جو تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ اور کوآرڈینیشن کی ذمہ داری انجام دیں گے۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے سردار عمر گورگیج اور دربانی کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں



گوادر، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLI[C] RELATIONS BALOCHIS[TAN]

نظامت اعلیٰ تعلقا[ت عامہ]
حکومت بلوچ[ستان]

Bullet No. 1

Page No. 9

Daily Qudrat Quetta

قدرت

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ — صفحات 8 قیمت 15 روپے

جلد 21 — بدھ 17 ستمبر 2025ء، 23 ربیع الاول 1447ھ — شمارہ 156

وزیراعلیٰ بلوچستان

# ای فائلنگ سسٹم سے افسران کو بروقت اور درست فیصلے کرنے میں مدد ملے گی

...متعارف کرایا گیا ملک کا پہلا خودکار ڈیجیٹل مالیاتی ای۔فائلنگ سسٹم شفافیت، اچھی حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب ایک سنگ میل ہے، جس سے نہ صرف مالیاتی امور میں تیزی آئے گی بلکہ عوام کو براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی بھی حاصل ہوگی

...محض ایک ای۔فائلنگ نہیں بلکہ مکمل مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے۔ اس کے ذریعے ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کروائے گا اور ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی

کوئٹہ (اے پی این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں متعارف کرایا گیا ملک کا پہلا خودکار ڈیجیٹل مالیاتی ای۔فائلنگ سسٹم شفافیت، اچھی حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب ایک سنگ میل ہے، جس سے نہ صرف مالیاتی امور میں تیزی آئے گی بلکہ عوام کو بقیہ 1 صفحہ 7 پر

براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی بھی حاصل ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں فنانس ای۔فائلنگ سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، اور انتظامی محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ سسٹم محض ایک ای۔فائلنگ نہیں بلکہ مکمل مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے۔ اس کے ذریعے ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کروائے گا اور ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی۔ اس نظام سے وہ تمام روایتی رکاوٹیں اور غیر شفاف طریقہ کار ختم ہوں گے جو برسوں سے مالیاتی امور میں مشکلات پیدا کرتے رہے انہوں نے کہا کہ ای۔فائلنگ سسٹم سے افسران کو بروقت اور درست فیصلے کرنے میں مدد ملے گی، جبکہ عام شہری بھی اپنے موبائل یا لیپ ٹاپ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور مالیاتی امور کی نگرانی کر سکیں گے وزیراعلیٰ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ عام آدمی کے لیے یہ سہولت شفافیت کی ایک حقیقی مثال ہوگی کیونکہ وہ دیکھ سکے گا کہ اس کے حلقے میں کون سا کام کہاں تک پہنچا ہے اور کون سا منصوبہ صرف کاغذوں میں مکمل دکھایا گیا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ یہ سسٹم صوبائی حکومت کی شفاف طرز حکمرانی کا ثبوت ہے جس سے پبلک سیکٹر میں اندرونی طریقہ کار مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ٹیکنالوجی کا دور ہے، دنیا بہت آگے نکل چکی ہے اور اب بلوچستان بھی جدید خطوط پر استوار ہو رہا ہے انہوں نے تمام سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے محکموں میں ای۔فائلنگ سسٹم کو جلد از جلد نافذ کریں تاکہ پورے بلوچستان میں کاغذی کارروائی بتدریج ختم ہو اور تمام امور صرف ڈیجیٹل طریقے سے نمٹائے جائیں انہوں نے کہا کہ کابینہ کے اجلاس بھی اب ڈیجیٹل ڈیوائسز کے ذریعے منعقد ہوں گے تاکہ فیصلوں میں غیر ضروری تاخیر ختم کی جا سکے وزیراعلیٰ نے اس موقع پر سسٹم کی تیاری میں شامل افسران اور ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اعلان کیا کہ اس منصوبے پر کام کرنے والے سرکاری ملازمین کو ایک ماہ کی اضافی بونس تنخواہ دی جائے گی جبکہ آئی ٹی شعبے کے ماہرین کی حوصلہ افزائی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ بلوچستان کے مقامی نوجوانوں اور سرکاری افسران کی محنت کا نتیجہ ہے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے پہلے فنانس مینجمنٹ آٹومیشن سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں




کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے پہلے فنانس مینجمنٹ آٹومیشن سسٹم کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں

DIRECT
GENERAL
RELATIONS B

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 9

DAILY ZAMANA
روزنامہ زمانہ کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین
بانی: سید فصیح اقبال
جلد 80 | بدھ 17 ستمبر 2025ء، 23 ربیع الاول 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 254

# وزیراعلیٰ بلوچستان: ای فائلنگ سسٹم متعارف، صوبے میں شفاف حکمرانی کے وعدے کو پورا کیا جا رہا ہے

## اس نظام سے وہ تمام روایتی رکاوٹیں اور غیر شفاف طریقہ کار ختم ہوں گے جو برسوں سے مالیاتی امور میں مشکلات پیدا کرتے رہے، میر سرفراز بگٹی

## کابینہ کے اجلاس بھی اب ڈیجیٹل ٹیبلیٹس کے ذریعے منعقد ہوں گے تاکہ فیصلوں میں غیر ضروری تاخیر ختم کی جا سکے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں متعارف کرایا گیا ملک کا پہلا خودکار ڈیجیٹل مالیاتی ای۔فائلنگ سسٹم شفافیت، اچھی حکمرانی اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب ایک سنگ میل ہے، جس سے نہ صرف مالیاتی امور میں تیزی آئے گی بلکہ عوام کو براہ راست ترقیاتی منصوبوں کی معلومات تک رسائی بھی حاصل ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں فنانس ای۔فائلنگ سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، اور انتظامی محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ سسٹم محض ایک ای۔فائلنگ نہیں بلکہ مکمل مالیاتی اصلاحات کی بنیاد ہے۔ اس کے ذریعے ہر محکمہ اپنی بجٹ درخواستیں آن لائن جمع کروائے گا اور ہر مرحلے کی منظوری، ریکارڈ اور مالی شفافیت واضح انداز میں دستاویزی شکل میں دستیاب ہوگی۔ اس نظام سے وہ تمام روایتی رکاوٹیں اور غیر شفاف طریقہ کار ختم ہوں گے جو برسوں سے مالیاتی امور میں مشکلات پیدا کرتے رہے انہوں نے کہا کہ ای۔فائلنگ سسٹم سے افسران کو بروقت اور درست فیصلے کرنے میں مدد ملے گی، جبکہ عام شہری بھی اپنے موبائل یا لیپ ٹاپ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور مالیاتی امور کی نگرانی کر سکیں گے وزیراعلیٰ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ عام آدمی کے لیے یہ سہولت شفافیت کی ایک حقیقی مثال ہوگی کیونکہ وہ دیکھ سکے گا کہ اس کے حلقے میں کون سا کام کہاں تک پہنچا ہے اور کون سا منصوبہ صرف کاغذوں میں مکمل دکھایا گیا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ یہ سسٹم صوبائی حکومت کی شفاف طرز حکمرانی کا ثبوت ہے جس سے پبلک سیکٹر میں "انڈر ٹیبل" طریقہ کار مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ٹیکنالوجی کا دور ہے، دنیا بہت آگے نکل چکی ہے اور اب بلوچستان بھی جدید خطوط پر استوار ہو رہا ہے انہوں نے تمام سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے محکموں میں ای۔فائلنگ سسٹم کو جلد از جلد نافذ کریں تاکہ پورے بلوچستان میں کاغذی کارروائی بتدریج ختم ہو اور تمام امور صرف ڈیجیٹل طریقے سے نمٹائے جائیں انہوں نے کہا کہ کابینہ کے اجلاس بھی اب ڈیجیٹل ٹیبلیٹس کے ذریعے منعقد ہوں گے تاکہ فیصلوں میں غیر ضروری تاخیر ختم کی جا سکے وزیراعلیٰ نے اس موقع پر سسٹم کی تیاری میں شامل افسران اور ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اعلان کیا کہ اس منصوبے پر کام کرنے والے سرکاری ملازمین کو ایک ماہ کی اضافی بونس تنخواہ دی جائے گی جبکہ نجی شعبے کے ماہرین کی حوصلہ افزائی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ بلوچستان کے مقامی نوجوانوں اور سرکاری افسران کی محنت کا نتیجہ ہے اور اس پر کسی دوسرے صوبے یا شہر کا انحصار نہیں کیا گیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت عوامی وسائل کے مؤثر اور شفاف استعمال کے لیے پرعزم ہے اور یہ نظام اس خواب کو عملی شکل دینے کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں شفاف حکمرانی کا وہ خواب جو اسمبلی فلور پر وعدے کی صورت میں کیا گیا تھا آج حقیقت کا روپ دھار چکا ہے قبل ازیں سیکرٹری خزانہ عمران زرکون نے نئے ڈیجیٹل ای مالی نظام سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی اور متعارف کردہ نظام کے آپریٹنگ پروسیجر کا عملی مظاہرہ پیش کیا، تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس منصوبے پر کام کرنے والے مقامی آئی ٹی ماہرین کو تعریفی سرٹیفکیٹس بھی دیئے۔




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے پہلے فنانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے پہلے فنانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کی افتتاحی تقریب کے موقع پر بہترین کارکردگی پیش کرنے والے اسٹاف کو تعریفی اسناد دے رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

10

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1221 QUETTA Wednesday September 17, 2025 / Rabi ul Awal 23, 1447

# Bugti unveils first-ever automated digital financial e-filing system




Staff Report

QUETTA: In a landmark move toward transparency and digital governance, Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has announced the launch of the country's first-ever automated digital financial e-filing system in Balochistan.

The initiative marks a major step in modernizing public sector operations and empowering citizens with direct access to financial and development data.

Speaking at the inauguration ceremony held at the Chief Minister's Secretariat in Quetta on Tuesday, Sarfraz Bugti emphasized that the system will streamline financial processes, eliminate bureaucratic inefficiencies, and reinforce public oversight.

The event was attended by provincial ministers, members of the assembly, and senior officials from various administrative departments.

The e-filing system is designed to serve as the backbone of comprehensive financial reform across the province.

Its core features included the online budget submissions and all government departments will now submit budget requests digitally.

The program would assist at every stage of approval and financial transaction will be recorded and accessible.

The system aims to eliminate outdated, opaque procedures that have long hindered efficiency.

The officials will have access to live data, enabling faster and more informed decisions.

Under the program, citizens can monitor development projects and financial records from their devices, verifying whether initiatives are completed or merely proposed.The Chief Minister said Balochistan is now stepping into the digital age, aligning with global standards of transparency and accountability.To ensure swift implementation, Sarfraz Bugti directed all department secretaries to adopt the system immediately. He also announced that future Cabinet meetings will be conducted using digital tablets to reduce delays and phase out paper-based processes.

The Chief Minister praised the local officials and IT experts who developed the system, noting that the project was built entirely by Balochistan's youth and professionals without external assistance.

The announced a one-month salary bonus for government employees involved and pledged similar incentives for private sector contributors as a token of appreciation.

Finance Secretary Imran Zarkon provided a detailed briefing and live demonstration of the system's functionality. The ceremony concluded with CM Bugti distributing certificates of appreciation to the development team, reaffirming the government's commitment to the responsible and transparent use of public resources.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 17 SEP 2025 Page No. 11


## حکومت کھیلوں کے فروغ کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے، بخت محمد کاکڑ

### بلوچستان میں کھیلوں کے انعقاد سے گراس روٹ لیول سے کھلاڑی ابھر کر سامنے آئیں گے، خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت صوبے میں کھیلوں کے فروغ کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے جس کا واضح ثبوت آل پاکستان فٹ بال اور کرکٹ ٹورنامنٹ کے علاوہ صوبائی سطح پر کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد ہے، صوبے میں کھیلوں کے انعقاد سے نوجوانوں میں ٹیلنٹ ابھر کر سامنے آ رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان چیف منسٹر گولڈ کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل کے موقع پر کھلاڑیوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیکرٹری سپورٹس درا بلوچ اور ڈی جی سپورٹس یاسر بازئی سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ قبل ازیں آل پاکستان چیف منسٹر گولڈ کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ ڈسٹرکٹ کوئٹہ اور کورز الیون کے درمیان کھیلا گیا جو ایک دلچسپ مقابلے کے بعد ڈسٹرکٹ کوئٹہ نے جیت لیا بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ نوجوانوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ زیادہ سے زیادہ کھیلوں کے مواقع فراہم کئے جائیں تاکہ وہ اپنی فٹنس کو برقرار رکھ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ آل پاکستان چیف منسٹر گولڈ کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں چاروں صوبوں سے ٹیموں نے حصہ لیا ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد سے صوبے کا سوفٹ امیج دنیا میں گیا ہے کہ بلوچستان کے لوگ سپورٹس سے محبت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کھیلوں کے انعقاد سے گراس روٹ لیول سے کھلاڑی ابھر کر سامنے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان کھلاڑیوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر انہیں کھیلوں کے مناسب مواقع فراہم کئے جائیں تو وہ نہ صرف ملک بلکہ بیرون ملک بھی پاکستان کا نام روشن کر سکتے ہیں۔ سیکرٹری سپورٹس درا بلوچ، ڈی جی سپورٹس یاسر بازئی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، بشیر خلیل مینا مجید کی ہدایت پر صوبے میں کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹ بال اور کرکٹ گولڈ کپ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## پاک افواج نے ہر مشکل میں اول دستے کا کردار ادا کیا، فیصل خان جمالی

### موجودہ چیلنجز کا مقابلہ اتحاد، یکجہتی اور حب الوطنی سے ہی ممکن ہے، صوبائی وزیر

اوستا محمد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، اور صوبائی وزیر برائے لائیو اسٹاک، سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش قدرتی آفات ہوں یا سکیورٹی کے چیلنجز، پاک افواج ہمیشہ ہراول دستے کے طور پر قوم کی خدمت میں پیش ........ 

بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

پیش رہی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں پنجاب، خیبر پختونخوا اور سندھ کے مختلف علاقوں میں شدید بارشوں اور سیلاب سے پیدا ہونے والی صورت حال میں بھی پاک فوج کے جوان دن رات عوام کو ریسکیو کرنے، محفوظ مقامات پر منتقل کرنے اور امدادی سرگرمیوں میں مصروف عمل رہے۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ افواج پاکستان کی خدمات نہ صرف ملک کی جغرافیائی سرحدوں کے دفاع تک محدود ہیں بلکہ قدرتی آفات جیسے زلزلے، سیلاب، بارشیں اور دیگر ہنگامی حالات میں بھی یہ ادارہ ہراول دستہ ثابت ہوا ہے انہوں نے کہا کہ عوام کو محفوظ مقام پر پہنچانا، راشن کی فراہمی، طبی امداد اور بحالی کے کاموں میں فوج کا کردار قابل تحسین ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے ساتھ ہر قدم پر کھڑی ہے اور افواج پاکستان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ چیلنجز کا مقابلہ اتحاد، یکجہتی اور حب الوطنی سے ہی ممکن ہے

## شہداء کی بدولت ہی ملک و قوم محفوظ ہیں، میر علی حسن زہری

### مند کا واقعہ افسوسناک شہید افسر و جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، صوبائی وزیر

حب (این این آئی) صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری نے تربت مند میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس المناک واقعے میں شہید ہونے والے افسر اور جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے ........ 

بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گرد حملے کے نتیجے میں کیپٹن وقار احمد کاکڑ، نائیک جنید، نائیک عصمت، لانس نائیک خان محمد اور سپاہی ظہور نے وطن کی خاطر جام شہادت نوش کیا۔ اپنے مذمتی بیان میں میر علی حسن زہری نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور یہ شہداء ہی ہیں جن کی بدولت ملک و قوم محفوظ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی دراصل وحشت اور بربریت پر مبنی سوچ ہے جسے پاکستانی قوم کبھی کامیاب نہیں ہونے دے گی۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشت گردی کے خاتمے کے لیے فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور یہ جنگ وطن کے امن و استحکام کے لیے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 17 SEP 2025 Page No. 12


## بلوچستان ہائی کورٹ نے کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق درخواست سماعت کیلئے منظور کرلی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس اقبال احمد کاسی اور جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل بینچ نے کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق دائر آئینی درخواست سماعت کیلئے منظور کرلی۔ یہ درخواست سابق ناظم صدیق قریش نے دائر کی ہے۔ درخواست گذار کی جانب سے اکرم شاہ ایڈووکیٹ نے پیروی کی۔

## بلوچستان ایکواکلچر کیلئے قدرتی طور پر نہایت موزوں ہے، بلال کاکڑ

**جدید ٹیکنالوجی اور عالمی تجربات سے اس شعبے میں نئی راہیں کھولی جاسکتی ہیں، زبیر طفیل سے گفتگو**

کراچی (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے طفیل کیمیکلز کے چیئرمین زبیر طفیل نے کراچی میں ملاقات کی۔ اس اہم ملاقات میں جدید آبی زراعت (Aquaculture) کے فروغ اور اس شعبے میں سرمایہ کاری کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بلوچستان کے سابق وزیر اعلیٰ میر علاؤالدین مری بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کے ساحلی علاقے اور زیر زمین آبی وسائل جدید آبی زراعت کے لیے بے پناہ مواقع فراہم کرتے ہیں۔ وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان خطے میں ایکواکلچر کے فروغ کے لیے قدرتی طور پر نہایت موزوں ہے، جہاں سمندری اور میٹھے پانی کی مچھلیوں کے فارم، جھینگا اور دیگر آبی حیات کی پیداوار کو بین الاقوامی معیار کے مطابق فروغ دیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ مستقبل قریب میں بلوچستان پاکستان کی ایکواکلچر انڈسٹری کا مرکز بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتکار اور کاروباری ادارے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے حوالے سے سنجیدہ دلچسپی رکھتے ہیں اور جدید ٹیکنالوجی اور عالمی تجربات کو بروئے کار لا کر آبی زراعت کے شعبے میں نئی راہیں کھولی جاسکتی ہیں۔

## ریکوڈک منصوبے کیلئے 5.5 ارب ڈالر سے زائد کی بین الاقوامی فنانسنگ حاصل

**ضلع چاغی میں واقع 7.48 ارب ڈالر کا یہ منصوبہ 50:50 قرضہ اور ایکویٹی کے ماڈل پر تیار کیا جارہا ہے**

اسلام آباد (خالد مصطفیٰ) پاکستان کے معدنیات کے شعبے میں ایک بڑی پیش رفت، ریکو ڈک مائننگ کمپنی نے بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے 5.5 ارب ڈالر سے زائد کی فنانسنگ وعدے حاصل کر لیے ہیں، جو اس کی اصل فنڈنگ کی ضرورت 3.74 ارب ڈالر سے کہیں زیادہ ہے۔ ضلع چاغی بلوچستان میں واقع 7.48 ارب ڈالر کا منصوبہ 50:50 قرضہ اور ایکویٹی کے ماڈل پر تیار کیا جارہا ہے۔ اس کی تعمیر دسمبر 2025 میں شروع ہونے کی توقع ہے، اور تجارتی آپریشنز 2028 میں شروع کرنے کا ہدف ہے۔ امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک نے تقریباً 1 ارب ڈالر دینے کا وعدہ کیا ہے، جبکہ جاپان بینک فار انٹرنیشنل کوآپریشن 300 ملین ڈالر فراہم کرنے پر رضامند ہوگیا ہے۔ ڈنمارک کی ایکسپورٹ کریڈٹ ایجنسی نے بھی منصوبے کے لیے کمرشل بینک فنانسنگ یا آلات کی خریداری میں معاونت کے لیے ضمانتیں فراہم کرنے کی پیشکش کی ہے۔

## بلوچستان میں ڈیڑھ ماہ بعد دفعہ 144 کا خاتمہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان میں دفعہ 144 میں توسیع نہیں کی گئی ڈیڑھ ماہ قبل موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی کا خاتمہ ہو گیا، محکمہ داخلہ بلوچستان صوبے میں امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر یکم اگست سے بلوچستان بھر میں دفعہ 144 کے تحت 15 روز کے لیے موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پانچ یا پانچ سے زائد افراد کے اجتماع، دھرنے، ریلیوں پر پابندی عائد کی گئی دفعہ 144 کے نافذ میں سولہ اگست اور یکم ستمبر کو تین مرتبہ توسیع کی گئی۔ دفعہ 144 کے نافذ میں یکم ستمبر کو کی گئی توسیع کی مدت 14 ستمبر کو ختم ہوگئی ہے اس کے بعد محکمہ داخلہ کی جانب سے دفعہ 144 کی مدت میں مزید توسیع نہیں کی گئی ہے۔

## ای فائلنگ سسٹم کا مقصد شفافیت کو فروغ دینا ہے، سیکرٹری اطلاعات

**فائلوں کی تیاری اور منظوری کا عمل کاغذی کارروائی سے آزاد ہوجائیگا، عمران خان**

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری اطلاعات و پبلک ریلیشنز بلوچستان عمران خان نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں جدید طرز حکمرانی کے نفاذ کے لیے محکمہ اطلاعات و پبلک ریلیشنز میں بھی ای۔ فائلنگ سسٹم متعارف کرایا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں عملی اقدامات شروع ہوچکے ہیں اور جلد ہی اس پر مکمل عمل درآمد کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ای۔ فائلنگ سسٹم کا مقصد محکمانہ کارکردگی کو بہتر بنانا، عوامی وسائل کے مؤثر استعمال کو یقینی بنانا اور شفافیت کو فروغ دینا ہے۔ اس نظام کے تحت فائلوں کی تیاری اور منظوری کا عمل کاغذی کارروائی سے آزاد ہو جائے گا اور تمام مراحل کمپیوٹرائزڈ انداز میں نمٹائے جائیں گے، جس سے نہ صرف وقت کی بچت ہوگی بلکہ فیصلوں میں غیر ضروری تاخیر کا بھی خاتمہ ہوگا سیکرٹری اطلاعات و پبلک ریلیشنز نے کہا کہ ای۔ فائلنگ سے محکمے کی کارکردگی مزید مؤثر اور شفاف ہو جائے گی اور عام شہریوں کو بھی براہ راست مستفید ہونے کا موقع ملے گا۔


MASHRIQ QUETTA


## محکمے ڈی اے سی کے اجلاس وقت پر منعقد، بے ضابطگیاں دور کریں، پی اے سی

**2021-22ء کے دوران محکمہ صنعت وتجارت کا 196.338 ملین کی بجٹ استعمال نہ ہوسکی جس سے مالی بے ضابطگی ظاہر ہوتی ہے، اصغر علی ترین**

**وفاق سے صوبے کو ڈیوزبل پول سے 11,151.032 ملین کم موصول جو این ایف سی ایوارڈ کی خلاف ورزی ہے، پی اے سی چیئرمین کو بریفنگ**

کوئٹہ (آن لائن) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس کمیٹی روم میں چیئرمین کمیٹی اصغر علی ترین کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں محکمہ صنعت وتجارت کے معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں کمیٹی ارکان رحمت صالح بلوچ، ولی محمد نورزئی، زابد علی ریکی، غلام دستگیر بادینی اور صفیہ بی بی نے شرکت کی اجلاس میں اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نصر اللہ جان، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ شجاع علی، سیکرٹری صنعت وتجارت اور ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی بھی شریک ہوئے کمیٹی کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ محکمہ صنعت وتجارت کا بنیادی مقصد بلوچستان .......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر


میں ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنا ہے تاکہ ایک جانب روزگار کے مواقع پیدا ہوں اور دوسری جانب قومی خزانے میں محصولات میں اضافہ ہو اس مقصد کے تحت صوبے میں مختلف صنعتی اسٹیٹس قائم کیے گئے ہیں جن میں کوئٹہ انڈسٹریل اینڈ ٹریڈنگ اسٹیٹ، ڈیرہ مراد جمالی، لسبیلہ، حب، گوادر، ماربل سٹی گڈانی اور وندر انڈسٹریل اسٹیٹ شامل ہیں اجلاس میں بتایا گیا کہ مالی سال 2021-22ء کے دوران محکمہ کو کل 2,536.333 ملین روپے کی گرانٹ دی گئی جس کے مقابلے میں 2,339.995 ملین روپے خرچ کیے گئے، یوں 196.338 ملین روپے کی بچت / عدم استعمال ہوا جسے سرنڈر نہیں کیا گیا، جس سے بجٹ سازی میں کمزوری اور مالی بے ضابطگی ظاہر ہوتی ہے اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ محکمہ صنعت وتجارت کی جانب سے الاٹیز سے 62.522 ملین روپے گراؤنڈ رینٹ وصول نہیں کیا گیا جس کے باعث سرکاری آمدن کو نقصان پہنچا۔ آڈٹ حکام نے نشاندہی کی کہ اس معاملے میں متعدد بار یاددہانی کرائی گئی


INTEKHAB QUETTA


## بلوچستان کے 2 مغوی اسسٹنٹ کمشنرز تاحال بازیاب نہ ہوسکے

**محمد افضل بیٹے سمیت اور حنیف نورزئی تمپ سے اغوا ہوئے، بازیابی کیلئے کوششیں جاری ہیں، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ**

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان میں اغوا ہونے والے دو اسسٹنٹ کمشنرز کئی ہفتے گزرنے کے باوجود بازیاب نہیں کرائے جاسکے، دو روز قبل زیارت کے اسسٹنٹ کمشنر محمد افضل باقی اور ان کے بیٹے مستنصر بلال کی ایک ویڈیو منظر عام پر آنے کے بعد یہ معاملہ دوبارہ زیر بحث ہے۔ بقیہ نمبر 58 صفحہ 5 پر


بقیہ نمبر 58 صفحہ 5 پر


میڈیا رپورٹ کے مطابق زیارت کی ضلعی انتظامیہ کے ایک عہدیدار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ مغوی اسسٹنٹ کمشنر اور ان کے بیٹے کی یہ پہلی ویڈیو ہے جو سامنے آئی ہے اور اس کے بارے میں ہمیں بھی سوشل میڈیا کے ذریعے علم ہوا۔ محمد افضل باقی اور ان کے بیٹے کو رواں برس 10 اگست کو اس وقت اغوا کیا گیا جب وہ اپنے اہلخانہ کے ساتھ زیارت سے تقریباً 20 کلومیٹر دور پہاڑی علاقے زیزری میں پکنک منا رہے تھے۔ مسلح افراد نے حملہ کرکے انہیں ڈرائیور اور محافظوں سمیت یرغمال بنایا۔ بعد میں ڈرائیور اور محافظوں کو چھوڑ دیا لیکن باپ بیٹے کو پیدل پہاڑوں کی طرف لے کر فرار ہو گئے۔ اس دوران ان کی سرکاری گاڑی کو بھی آگ لگا دی گئی۔ اس سے قبل چار جون کو ضلع کیچ کے علاقے تمپ سے اسسٹنٹ کمشنر محمد حنیف نورزئی کو اغوا کیا گیا تھا۔ وہ اپنی اہلیہ، ڈرائیور اور محافظ کے ہمراہ کوئٹہ جارہے تھے جب مسلح افراد نے انہیں روکا۔ اغوا کاران کی اہلیہ اور ان کے ساتھی سرکاری ملازمین کو چھوڑ گئے لیکن حنیف نورزئی کو ساتھ لے گئے۔ حکام کے مطابق دونوں افسران کی بازیابی کیلئے کوششیں کی جاری ہیں لیکن اب تک کوئی بڑی کامیابی حاصل نہیں ہوسکی۔ حکومت نے اسسٹنٹ کمشنر زیارت اور ان کے بیٹے کے اغوا کاروں کا سراغ دینے پر پانچ کروڑ روپے انعام کا اعلان کیا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر تمپ کی بازیابی کے لئے قبائلی سطح پر بھی کوششیں کی جاری ہیں۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر تمپ کے اغوا کاروں کی شناخت ہوچکی اور ان کا پیچھا کیا جارہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ زیارت کے مغوی افسر اور ان کے بیٹے کی زرغون غر کے پہاڑی سلسلوں میں موجودگی کا خدشہ ہے اور وہاں مسلسل نگرانی جاری ہے۔ کچھ شواہد بھی ملے ہیں جن سے امید ہے کہ مغوی جلد بازیاب ہوجائیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 17 SEP 2025 Page No. 3


## منفی تنقید پر توجہ دیئے بغیر بہتر کام ہی مخالفین کا جواب ہے، کمشنر کوئٹہ

**صفا کوئٹہ کو شہریوں کے تحفظات و خدشات دور کرنے کے ساتھ عوام میں شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے، شاہ زیب خان کاکڑ**

**ڈور ٹو ڈور کلیکشن کے آغاز سے شہر میں صفائی کی صورتحال میں مزید بہتری آئیگی ضلعی انتظامیہ صفاء کوئٹہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی**

**ڈور ٹو ڈور کلیکشن سے کوڑا کرکٹ کے موثر ٹھکانے کے عمل کو بہتر بنایا جاسکے گا، اے سی مہراللہ بادینی و دیگر کا موبائل سائیکل ٹرالیوں کی افتتاحی تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ نے کہا ہے کہ صفا کوئٹہ کی جانب سے ڈور ٹو ڈور کلیکشن کے آغاز سے شہر میں صفائی کی صورتحال میں مزید بہتری آئے گی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے صفاء کوئٹہ کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا تاکہ شہر کو صاف و شفاف بنانے کے منصوبے کو کامیاب بنایا جاسکے یہ بات انہوں نے صفا کوئٹہ پروجیکٹ کی جانب سے ڈور ٹو ڈور کلیکشن کیلئے موثر سائیکل ٹرالیوں کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ایم ڈی صفاء کوئٹہ دل نواز خان، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن ریٹائرڈ مہراللہ بادینی ایم .......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی پی پی ڈاکٹر فیصل سمیت دیگر اعلی حکام بھی موجود تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر شاہ زیب خان کاکڑ نے کہا کہ صفا کوئٹہ کو شہریوں کے تحفظات اور خدشات دور کرنے کے ساتھ ساتھ عوام میں شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے تاکہ لوگ گلی محلوں میں کچرا پھینکنے کے بجائے اسے ایک جگہ جمع کریں اور صفائی عملے کے حوالے کریں انہوں نے کہا کہ صفا کوئٹہ کی ذمہ داریاں بہت زیادہ اور انہیں اس چیلنج کو اپنی کارکردگی کے ذریعے پورا کرنا ہوگا منفی تنقید پر توجہ دیئے بغیر بہتر کام ہی مخالفین کا جواب ہے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے کہا کہ صفا کوئٹہ کو گزشتہ دو ماہ کے دوران مختلف مواقع پر اہم ذمہ داریاں سونپی گئیں، جن میں عیدالاضحیٰ، محرم الحرام اور 12 ربیع الاول کے دوران خصوصی صفائی مہم شامل ہے

## چیف منسٹر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے کا آغاز

**نوجوانوں کو نہ صرف ہنرمند بلکہ بین الاقوامی مارکیٹ میں روزگار کے مواقع بھی فراہم کیے جا رہے ہیں، منیجنگ ڈائریکٹر بی ٹیوٹا**

**حکومت بلوچستان پروگرام کے تمام اخراجات خود برداشت کرے گی جن میں تربیت، سفری و دیگر شامل ہیں، جاوید مینگل**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے منیجنگ ڈائریکٹر جاوید مینگل نے کہا ہے کہ چیف منسٹر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ واضح رہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اکتوبر 2024ء میں اس منفرد پروگرام کا افتتاح کیا تھا جس کا بنیادی مقصد صوبے کے 30 ہزار نوجوانوں کو بیرون ممالک روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے یہ اپنی نوعیت کا دنیا کا پہلا پروگرام ہے جہاں کوئی صوبائی حکومت تمام اخراجات .......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

برداشت کرتے ہوئے نوجوانوں کو بیرون ممالک روزگار فراہم کر رہی ہے پہلے مرحلے میں سینکڑوں نوجوان پہلے ہی بیرون ملک روزگار حاصل کر چکے ہیں جبکہ سینکڑوں نوجوانوں کے ویزا کا حصول حتمی مراحل میں ہیں انہوں نے کہا کہ پروگرام کی کامیابی اور نوجوانوں میں بڑھتی ہوئی دلچسپی کو دیکھتے ہوئے بی ٹیوٹا نے دوسرے مرحلے کا آغاز کیا ہے اس پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو یورپ اور خلیجی ممالک میں بھیجا جا رہا ہے تمام متعلقہ امیدواروں سے درخواستیں آن لائن پلیٹ فارم www.btevta.gob.pk پر وصول کی جا رہی ہیں حکومت بلوچستان اس پروگرام کے تمام اخراجات خود برداشت کرے گی، جس میں تربیت، سفری اور دیگر متعلقہ اخراجات شامل ہیں۔ اس پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو نہ صرف ہنرمند بنایا جا رہا ہے بلکہ بین الاقوامی مارکیٹ میں روزگار کے مواقع بھی فراہم کیے جا رہے ہیں، جس سے نہ صرف نوجوانوں کی مالی حالت بہتر ہوگی بلکہ ملک میں زرمبادلہ کے ذخائر میں بھی اضافہ ہوگا۔

## بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کوئٹہ میں دودھ اور دہی کی جانچ مہم جاری

**عوامی صحت کے تحفظ اور ملاوٹ کے خاتمے کیلئے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر کارروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں**

**مہم کے دوران 1330 لیٹر ملاوٹی دودھ اور 350 کلو غیر صحت بخش دہی تلف، 8 دودھ فروشوں اور ایک سپلائر پر جرمانے عائد کئے**

کوئٹہ (خ ن) عوامی صحت کے تحفظ اور ملاوٹ کے خاتمے کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کوئٹہ و ملحقہ علاقوں میں دودھ اور دہی کی جانچ پڑتال کی خصوصی مہم جاری ہے۔ مہم کے دوران مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر کارروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں تاکہ شہریوں تک خالص اور معیاری دودھ کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ اس سلسلے میں بلیلی، سمنگلی، کرانی روڈ، بروری اور جان محمد روڈ پر قائم ملک شاپس، سپلائرز اور دودھ بردار گاڑیوں کی انسپکشن کے دوران معیاری اور خالص دودھ کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے سخت چیکنگ کی گئی۔ مہم کے دوران 1330 لیٹر ملاوٹی دودھ اور 350 کلو غیر صحت بخش دہی تلف کر دی گئی، جبکہ 8 دودھ فروشوں اور ایک سپلائر پر قوانین کی خلاف ورزی پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔ مجموعی طور پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپکشن ٹیموں نے 23 مراکز اور 31 دودھ بردار گاڑیوں کا معائنہ کیا، جہاں 7320 لیٹر دودھ اور سینکڑوں کلو دہی کے نمونے بی ایف اے کی موبائل لیبارٹری میں ٹیسٹ کیے گئے۔ مہم سے متعلق سیکرٹری خوراک بلوچستان منظر جاوید علی نے کہا ہے کہ عوام کو خالص اور معیاری خوراک کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملاوٹ جیسے سنگین جرم کے مرتکب عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے اور کسی بھی خلاف ورزی پر فوری اور سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ دودھ اور دہی خریدتے وقت معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کریں اور شکایات کی صورت میں براہ راست بلوچستان فوڈ اتھارٹی سے رابطہ کریں۔ سیکرٹری خوراک کے مطابق ملاوٹ کے خاتمے اور معیاری خوراک کی فراہمی کے لیے مہم تسلسل کے ساتھ جاری رہے گی، اور اس دوران موبائل لیبارٹری ٹیمیں شہر کے مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر دودھ، دہی اور دیگر ڈیری مصنوعات کے معیار کی جانچ کر رہی ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 17 SEP 2025 Page No. 14


## سلیکٹڈ حکومت نے ملک کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا، قاری مہر اللہ

**حکومت عالمی منڈی میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے مطابق عوام کو ریلیف دے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام (نظریاتی) بلوچستان کے کنوینر مولانا قاری مہر اللہ نے کہا ہے کہ سلیکٹڈ حکومت ملک وقوم کی تباہی کی علامت بن چکی ہے، مہنگائی، بیروزگاری حد سے بڑھ گئی ہے اور ملک کی معیشت کو تباہی کے دہانے لا کھڑا کیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ استحصالی پالیسیوں کے تسلسل سے قوم کا خون نچوڑا گیا ہے قوم پر مسلسل مہنگائی کا بوجھ لادا جا رہا ہے جس کے باعث غربت کی شرح میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، ملک میں معاشی استحکام پیدا کرنے کے دعوے جھوٹ کا پلندہ ثابت ہوئے ہیں، حکومت بجلی، گیس، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ سے غریب عوام کا کمر توڑ رہی ہے۔

## بیلہ کے رہنما واحد بلوچ کے گھر پر حملہ قابل مذمت ہے، نیشنل پارٹی

**پارٹی اپنے کارکنوں سمیت تمام سیاسی کارکنوں کے دفاع کے لیے ہر محاذ پر آواز اٹھائیگی، ترجمان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے کہا کہ بلوچستان میں حقیقی سیاسی قیادت اور کارکنوں کو ریاست اور اس کے ادارے یا ان کے آلہ کار ایک سمجھے سوچے منصوبے کے تحت مختلف حربوں سے خوفزدہ کرنے کی پالیسیوں پر عمل پیرا ہیں مگر بلوچستان کی حقیقی سیاسی قیادت اور کارکنان کسی صورت خوف زدہ ہوئے ہیں نا ہونگے نیشنل پارٹی بیلہ کے رہنما واحد بلوچ کے گھر پر حملہ بھی ریاستی آلہ کاروں کے گماشتوں کی ناکام کوشش ہے وہ یہ سمجھتے ہیں کہ واحد بلوچ کو خوف زدہ کر کے اسے اپنے سیاسی نظریات سے پیچھے ہٹا سکیں گے جو ان کی خام خیالی ہے واحد بلوچ نیشنل پارٹی کے ایک نظریاتی سیاسی کارکن ہیں جو اپنی سرزمین اور قومی جہد کے لیے طویل پر امن سیاسی جہد وجہد پر عمل پیرا ہیں صوبائی ترجمان نے مزید کہا کہ ایسے ہتھکنڈے سیاسی کارکنوں کے حوصلوں کو مزید مضبوط بناتے ہیں نیشنل پارٹی اپنے کارکنوں سمیت تمام سیاسی کارکنوں کے دفاع کے لیے اور شرپسند عناصر و گماشتوں کے خلاف بھرپور سیاسی لائحہ عمل اپناتے ہوئے ہر محاذ پر آواز اٹھائے گی نیشنل پارٹی واحد بلوچ کے گھر پر حملہ کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ حملہ کرنے والے شرپسند عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے انہیں گرفتار کرے کیونکہ پر امن سیاسی قیادت، کارکنوں اور شہریوں کی جان و مال کی حفاظت حکومت وقت کی ذمہ داری ہے۔

## نوجوانوں کو اغواء اور لاپتہ کیے جانے سے معاشرہ افراتفری کا شکار ہے، جماعت اسلامی

**حکمران ہوش کے ناخن لیں، سردار علی محمد خان قلندرانی کے خاندان کو تحفظ فراہم کیا جائے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ نوجوانوں کے اغواء و لاپتہ کیے جانے سے معاشرتی وخاندانی نظام افراتفری کا شکار ہو کر رہ جاتا ہے، جس کی تازہ ترین مثال چیئرمین یونین کونسل تو تک خضدار سردار علی محمد خان قلندرانی کے بیٹے میر یوسف علی خان قلندرانی کی ہے جنہیں ان کی کراچی میں واقع رہائش گاہ سے 18 اگست کو رات 1 بجے کے وقت اٹھایا گیا جبکہ ان کے والد سردار علی محمد قلندرانی کو پہلے ہی اپنے فرائض و اختیارات کے توازن و اعتدال کے باعث بہت زیادہ اذیت کا شکار بنایا گیا ہے۔ ان کے تین نوجوان صاحب زادے لاپتہ کیے گئے ہیں، بیان میں کہا گیا ہے کہ حکمران ہوش کے ناخن لیں، نوجوانوں کی زندگیوں کی حفاظت کی ضمانت دی جائے تاکہ معاشرتی وسماجی اطمینان کا راستہ ہموار کیا جائے۔ بیان میں کہا گیا ہے سردار علی محمد خان قلندرانی کے خاندان کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## بلوچستان کے مسائل اور سیاسی بحران گہرا ہوتا جا رہا ہے، لشکری رئیسانی

**عوام ذاتی مفادات کو قومی مفاد کیلئے قربان کرتے ہوئے سیاسی عمل کو آگے بڑھائیں، فکری نشست سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے انتظامی، معاشی، معاشرتی، سیاسی بحران اور مسائل مزید گہرے ہوتے جا رہے ہیں، بلوچستان کے عوام ذاتی مفادات کو قومی مفاد کیلئے قربان کرتے ہوئے سیاسی عمل کو آگے بڑھائیں اور سرزمین کے دفاع اور آئندہ نسلوں کے بقاء کی جنگ خود لڑیں۔ یہ بات انہوں نے سراوان ہاؤس میں سیاسی کارکنوں و طلباء کے فکری نشست سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ 2013ء کی اسمبلی نے سرمایہ دار الحکومت گوادر سے دستبردار اور ڈی ایچ اے ایکٹ منظور کیا، 2018ء کی اسمبلی نے ریکوڈک کا سودا اور 2024ء کے اسمبلی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ منظور کر کے قومی و تاریخی وطن کے وسائل اور معدنیات کو نیلام، سرزمین کا سودا کیا جس کے خلاف ہم نے سیاسی و شعوری مزاحمت کا راستہ اختیار کرتے ہوئے مائنز اینڈ منرل ایکٹ کو بلوچستان ہائیکورٹ اور ڈی ایچ اے ایکٹ کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا ہے کیونکہ بلوچستان کے وسائل کے لوٹ مار کے ساتھ یہاں کے لوگوں کا پارلیمانی جمہوری حق بھی چھینا گیا ہے۔

## شراب کے لائسنس جاری کرنا اسلامی تعلیمات کیخلاف ہے، جمعیت

**اپوزیشن لیڈر یونس عزیز نے اسمبلی میں معاملہ اٹھا کر اہل اسلام کے دل جیت لئے، مولانا شرودی**

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی ناظم مالیات حاجی قاسم خان خلجی معاون ناظم مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ مولانا مفتی روزی خان بادیزئی مولانا حاجی عبدالمالک بڑیچ اختر جان مری مولانا مفتی رحمت اللہ سالار مولانا علی جان ڈپٹی سالار حافظ محب الرحمن ملا خلیل مولانا جان محمد مولانا حزب اللہ ملنگ یار حافظ رحمن گل مولانا محمد اسلم نے کہا ہے کہ بلوچستان اسمبلی کے فلور پر اپوزیشن لیڈر کے جرات مندانہ اقدام نے اہل اسلام کا دل جیت لیا، انہوں نے بلوچستان میں شراب کے لائسنس جاری کرنے کی شدید مذمت کی اور اسے ریاست کے اسلامی اور نظریاتی تشخص کے خلاف ایک غیر اخلاقی اقدام قرار دیا ہے۔ انہوں نے اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کے بیان کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کہا کہ یہ افسوسناک ہے کہ صوبے کو اس کے آئینی اور بنیادی حقوق سے محروم رکھنے کے لیے ہزاروں بہانے تراشے جاتے ہیں۔

## پشتونخوا نیپ کے زیر اہتمام آج کوئٹہ شہر میں احتجاجی مظاہرہ اور جلسہ عام ہوگا

**ضلع کوئٹہ کے تمام یونٹوں کو آج کے مظاہرے اور جلسہ عام کی بھرپور تیاری کرنے کی ہدایت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کہا ہے کہ عوامی مسائل، ناانصافیوں اور حکومتی اداروں کی زیادتیوں کے خلاف پارٹی کے زیر اہتمام آج کوئٹہ شہر میں احتجاجی مظاہرے اور جلسہ عام ہوگا۔ مظاہرہ عوامی حقوق کے تحفظ، مہنگائی، بیروزگاری اور حکومتی اداروں کے ناروا رویوں کے خلاف عوامی آواز بلند کرنے کے لیے تاریخی حیثیت رکھتا ہے۔ کوئٹہ و گرد و نواح میں عوام بدترین مشکلات سے دوچار ہیں۔ بجلی و گیس کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ شہر اور مضافات میں روزانہ 18 سے 20 گھنٹے بجلی غائب رہتی ہے جبکہ واپڈا حکام عوام کے میٹر قبضے میں لے کر اذیت میں اضافہ کر رہے ہیں اسی طرح رات دس بجے سے صبح چھ بجے تک گیس مکمل طور پر بند رہتی ہے جس سے گھریلو خواتین سب سے زیادہ متاثر ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور فورسز کی جانب سے طلباء، ملازمین اور عوام کے ساتھ ناروا رویہ روز کا معمول بن چکا ہے۔ کوئٹہ شہر چوروں، منشیات فروشوں اور ڈرگ مافیا کے رحم و کرم پر ہے۔ موبائل چھیننے، گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں چوری کرنے کے واقعات روز کا معمول بن گیا ہے۔ شہر بھر میں ریڑھی بانوں، مزدوروں اور محنت کشوں کے روزگار پر بھی ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے افغان کڈوال عوام کے خلاف حکومتی اقدامات بھی تشویش ہیں شدید مذمت کی اور جبری طور پر ڈیورنڈ لائن پار کرانے کی پالیسی غیر انسانی ہے اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔

## بحرانوں کے حل کیلئے اجتماعی بصیرت کیساتھ آگے بڑھا جائے، مولانا واسع

**ہم نے اتحاد و اتفاق کیساتھ ملت و ملک کا مقدمہ نہ لڑا تو آنے والی نسلیں ہمیں معاف نہیں کریں گی، بیان**

کوئٹہ (این این آئی) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اپنے بیان میں کہا کہ جمعیت علماء اسلام کا نصب العین وہی عظیم مقاصد ہیں جو ہمارے اکابرین ملت، حضرت مولانا قاسم نانوتوی، حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی اور شیخ الہند مولانا محمود الحسن نے ہمیں سونپے۔ ان اسلاف کی زندگیوں سے ہمیں یہ درس ملا کہ حق کی راہ میں مصلحت اور مفاہمت نہیں بلکہ اپنے موقف پر ثابت قدم رہنا ہی اصل کمال ہے۔ یہی وہ شعار ہے جو ہمیشہ ہماری پہچان رہا ہے اور اسی کی بنیاد پر ہم نے قربانیوں سے کبھی دریغ نہیں کیا برطانوی سامراج کے خلاف جنگ آزادی میں ہمارے علماء نے سینہ سپر ہو کر مقابلہ کیا، قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں مگر اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ پاکستان کی تشکیل میں بھی علماء کا کردار نمایاں اور ناقابل فراموش ہے، اور آج بھی ہم وطن عزیز کے دفاع اور اس سے محبت کو اپنے ایمان کا حصہ سمجھتے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے مزید کہا کہ صوبے کے گمبھیر اور بحرانی حالات میں بھی جمعیت نے سنجیدہ تجاویز پیش کیں، لیکن حکمران طبقے نے ان تجاویز کو سنجیدہ نہیں لیا۔


MASHRIQ QUETTA


## جبری گمشدگیاں ماورائے آئین وانسانی حقوق کیخلاف ہیں، مقررین

**لاپتہ کئے گئے افراد پر کوئی جرم ہے تو انہیں عدالتوں میں پیش کیا جائے، نصر اللہ بلوچ و دیگر**

**وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز اور جبری لاپتہ افراد کے لواحقین کا پریس کلب کے سامنے احتجاج**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز اور جبری گمشدہ صغیر احمد اور اقرار بلوچ کے لواحقین کی جانب سے ان کی بحفاظت بازیابی کیلئے نصر اللہ بلوچ اور دیگر کی قیادت میں منگل کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے لاپتہ افراد کی تصاویر اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر ان کی بازیابی کیلئے نعرے درج تھے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ صغیر احمد اور اقرار کو امسال 11 جون کو اورماڑہ چیک پوسٹ سے لاپتہ کیا گیا جن کے بارے میں تاحال کوئی اطلاعات نہیں محمود لانگو، نعمت اللہ بلوچ، جاوید بلوچ، منی بلوچ کے لواحقین، نصر اللہ بلوچ، صغیر احمد کی بہن اور اقرار بلوچ کی کزن نسیمہ بلوچ نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جبری گمشدگیاں ماورائے قانون ہیں جو انسانی حقوق کی بھی خلاف ورزی ہے، انہوں نے کہا کہ اب تک ہزاروں بلوچ افراد لاپتہ کئے گئے، لواحقین کو ان کے بارے میں کوئی معلومات نہیں۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ لوگوں کو انصاف دے، قانونی اور آئینی راستہ اختیار کرے، جن بلوچ افراد کو اٹھایا گیا ہے، اگر ان پر کوئی جرم ہے تو ملکی عدالتوں میں انہیں پیش کیا جائے۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 17 SEP 2025 Page No. 15

# تربت میں سیکیورٹی فورسز کا آپریشن کالعدم تنظیم کے 2 دہشتگرد ہلاک

کالعدم بی ایل ایف کا کمانڈر رفیق میران بھی شامل، کیپٹن وقار اور پانچ اہلکاروں کی شہادت، اسسٹنٹ کمشنر تمپ کے اغوا اور دیگر وارداتوں میں ملوث تھا

ٹھکانے سے بھاری تعداد میں اسلحہ دھماکہ خیز مواد اور دیگر سامان قبضے میں لے کر ٹھکانے کو مسمار کر دیا، سیکورٹی ذرائع

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی فورسز کا تربت دشت میں ٹارگٹڈ آپریشن فائرنگ کے تبادلے میں کیپٹن وقار کا کرسمیت پانچ اہلکاروں کی شہادت، اسسٹنٹ کمشنر تمپ کے اغوا سمیت سیکورٹی فورسز پر حملوں میں ملوث فتنہ الہندوستان بی ایل ایف کا اہم کمانڈر رفیق میران ساتھی سمیت ہلاک ہو گیا بھاری تعداد میں اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد قبضے میں لے لیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ فتنہ الہندوستان بی ایل ایف کے دہشت گردوں نے تربت کے علاقے دشت کی ڈی ایم۔ 8 شاہراہ پر دہشت گردی کا منصوبہ بنایا ہے اس مقصد کیلئے دہشت گرد دشت میں موجود ہے جس پر سیکورٹی فورسز نے ٹارگٹڈ آپریشن کیا اسی دوران دہشت گردوں نے فورسز پر فائرنگ شروع کر دی فورسز نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جوابی کارروائی کی جس کے نتیجے میں دو دہشت گرد ہلاک ہو گئے دہشت گردوں کے ٹھکانے سے سیکورٹی فورسز نے بھاری تعداد میں اسلحہ دھماکہ خیز مواد اور دیگر سامان قبضے میں لے کر ٹھکانے کو مسمار کر دیا سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ مارے جانے والے دہشت گردوں میں فتنہ الہندوستان بی ایل ایف کا اہم کمانڈر رفیق میران بھی شامل تھا جو جنوبی بلوچستان میں سرگرم تھا رفیق میران کنڈان، صبدان، دشت، تیج اور شیر بندی کے علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی پوسٹوں پر حملوں، گزشتہ روز شہید ہونے والے کیپٹن وقار کاکڑ سمیت پانچ اہلکاروں کی شہادت، اسسٹنٹ کمشنر تمپ حنیف نورزئی کے اغوا، شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ، بھتہ خوری اور اغوا برائے تاوان جیسے سنگین جرائم میں ملوث رہا ہے۔ لاشوں کو ٹیچنگ ہسپتال تربت منتقل کر دیا گیا سیکورٹی فورسز کی جانب سے اس عزم کا اعادہ کیا گیا ہے کہ فتنہ الہندوستان کے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک یہ جنگ جاری رہے گی۔

# تربت سے کیش لیکر کراچی جانیوالی گاڑیوں سے 22 کروڑ 5 لاکھ روپے لوٹ لیے گئے

واردات دشت کنڈان کراس پر گوادر سے تربت جانیوالی شاہراہ پر ہوئی، ملزمان فرار

تربت (نامہ نگار) تربت سے کراچی کیش لیجانے والی ایک پرائیویٹ سیکورٹی کمپنی کی گاڑیوں کو دشت کنڈان کراس کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے روک کر بھاری رقم لوٹ لی۔ ڈکیتی کی اس بڑی واردات میں میزان بینک کے 14 کروڑ 55 لاکھ اور بینک الفلاح کے 7 کروڑ 50 لاکھ روپے لوٹ لیے گئے، مجموعی طور پر یہ رقم 22 کروڑ 5 لاکھ روپے بنتی ہے۔ یہ واقعہ ایم ایٹ شاہراہ پر پیش آیا، جو تربت سے گوادر جانے والی مرکزی سڑک ہے اور جہاں عام دنوں میں ٹریفک کا رش رہتا ہے۔ واردات کے مقام کے قریب سیکورٹی چیک پوسٹ بھی موجود ہے، اس کے باوجود ملزمان بھاری رقم لے کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ اطلاع ملنے پر قانون نافذ کرنے والے ادارے جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا، تاہم تاحال کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آ سکی۔ مقامی حلقوں اور تاجروں نے دن دہاڑے ایک مصروف شاہراہ پر اتنی بڑی ڈکیتی کو سیکیورٹی اداروں کی ناکامی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کو فوری گرفتار کر کے لوٹی گئی رقم برآمد کی جائے۔

# کوئٹہ، انسانی سمگلنگ میں ملوث ایجنٹ اور 5 افغان باشندے گرفتار

جعلی دستاویزات برآمد، ایف آئی اے کی جیوانی میں بھی کارروائی، ایران جانے والے 13 افراد پکڑ لیے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایف آئی اے نے کوئٹہ اور جیوانی میں کارروائی کرتے ہوئے ایجنٹ سمیت 18 افراد کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے ذرائع کے مطابق اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کوئٹہ نے کوئٹہ میں کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ میں ملوث ایجنٹ امان اللہ کو 4 افغان باشندوں سمیت گرفتار کر لیا گیا گرفتار ایجنٹ امان اللہ کے موبائل فون سے اہم شواہد برآمد ہوئے ہیں، ملزم بدنام زمانہ انسانی سمگلر نجیب اللہ سے رابطے میں تھا۔ گرفتار ملزم افغان باشندوں کو غیر قانونی طور پر بیرون ملک بھجوانے میں ملوث ہے گرفتار افغان شہری تاج علی کے قبضے سے پاکستانی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بھی برآمد ہوا ہے جبکہ تاج علی کے موبائل سے افغان تذکرہ برآمد کر لیا گیا گرفتار افغان شہری تاج علی نے جعل سازی سے پاکستانی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ حاصل کیے۔ ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

## موٹر سائیکل چور گینگ کے دو ارکان گرفتار

خضدار (خ ن) لیویز فورس کی باغبانہ میں کارروائی، موٹر سائیکل چور گینگ کے 2 ارکان گرفتار کر کے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی اور اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ کی ہدایت پر لیویز فورس نے چوروں کے خلاف اہم کارروائی کی۔ لیویز لائن آفیسر نور احمد زہری اور محرر ریاض احمد کی سربراہی میں لیویز سی آئی اے نے مشکوک افراد کی نشاندہی کی۔ اس دوران، باغبانہ لونڈ وادی میں دو مشتبہ افراد سراج احمد ولد محمد امین، سکنہ تھنوانی باغبانہ صیف اللہ ولد محمد اسحاق، سکنہ تھنوانی باغبانہ کو گرفتار کیا گیا۔ جن کی انکشاف پر ان کے ٹھکانے پر چھاپہ مارا گیا اور ایک چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔ دوران تفتیش ملزمان نے باغبانہ کے علاقے سے متعدد چوریوں کا انکشاف کیا اور بتایا کہ وہ چوری شدہ موٹر سائیکلیں دوسرے اضلاع میں منتقل کرتے تھے

MASHRIQ QUETTA

# ڈی ایم جمالی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 بھائی قتل

نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے 2 بھائیوں کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے 2 افراد کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا ہلاک ہونے والے دونوں بھائی بتائے جاتے ہیں نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے۔

# ٹرانسپورٹرز کا کسٹم حکام پر بھاری رشوت لینے کا الزام

موچکو کسٹم چیک پوسٹ پر ٹرانسپورٹرز نے احتجاجاً قومی شاہراہ بلاک کر دی

مظاہرین کو منتشر کرنے اور شاہراہ کھلوانے کیلئے فائرنگ اور لاٹھی چارج

حب (این این آئی) موچکو کسٹم چیک پوسٹ پر مسافر کوچ روکنے سے ٹرانسپورٹرز بپھر گئے احتجاجاً قومی شاہراہ بلاک کر دی کسٹم کا مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے فائرنگ اور لاٹھی چارج ٹرانسپورٹرز کا کسٹم حکام پر بھاری رشوت لینے کا الزام تفصیلات کے مطابق منگل کے روز سندھ بلوچستان کے سنگم پر واقع کسٹم چیک پوسٹ پر مبینہ طور پر غیر قانونی اسمگل شدہ ......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

اشیاء کی موجودگی پر مسافر کوچ کو روکنے پر ٹرانسپورٹرز نے موچکو کسٹم کے خلاف کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر دھرنا دیکر عام ٹریفک کیلئے بلاک کر دیا قومی شاہراہ احتجاج کے باعث بلاک ہونے سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اس موقع پر نور خان نامی ٹرانسپورٹر نے کسٹم حکام پر بھاری رشوت لینے کے الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ فی گاڑی 15 سے 30 ہزار روپے تک مبینہ رشوت وصول کی جاتی ہے بغیر پیسوں کی گاڑیاں کلیئر نہیں کی جاتی ہیں اور یہ بھی کہا کہ ہم مال نہیں لاتے ہیں

INTEKHAB QUETTA

# سوراب مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 افراد زخمی

سوراب (نامہ نگار) قومی شاہراہ میرانی کراس کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد حسنین ولد سردار منظور احمد محمد حسنی اور راشد ولد پسند خان محمد حسنی سکنہ میرانی شدید زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کی غرض سے ڈی ایچ کیو ہسپتال سوراب پہنچا دیا گیا پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہے۔

# خالق آباد منگچر سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد

خالق آباد منگچر (نامہ نگار) خالق آباد منگچر سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے لیویز ذرائع کے مطابق لیویز نے اطلاع ملنے پر سورو باب کے علاقے سے لاش برآمد کی ہے جس کی ہسپتال میں شناخت صفی اللہ ولد عبدالوہاب محمد شہی سکنہ کوک حال کھنڈ کوچہ کے نام سے ہوئی لاش ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کر دی گئی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 85

Dated: 17 SEP 2025 Page No. 16


# دالبندین میونسپل کمیٹی ملازمین کا تنخواہوں کی بندش کیخلاف احتجاج

## شہر میں صفائی کا نظام درہم برہم

**جب تک تنخواہیں بحال نہیں کی جاتیں، صفائی ستھرائی اور دیگر تمام معمولات زندگی مکمل طور پر بند رہیں گے**

**میونسپل کمیٹی کے ریگولر، ڈیلی ویجز، پنشنرز اور صفائی کے عملے کی تین ماہ سے تنخواہیں بند ہیں، مظاہرین کا خطاب**

دالبندین (نمائندہ خصوصی) دالبندین میونسپل کمیٹی ملازمین کی تین ماہ سے تنخواہیں بند، احتجاج و ہڑتال شروع میونسپل کمیٹی دالبندین کے ریگولر ملازمین، ڈیلی ویجز، پنشنرز اور صفائی کے عملے نے تین ماہ سے تنخواہیں اور فنڈز کی بندش کے خلاف شدید احتجاج کیا۔ ملازمین نے میونسپل کمیٹی کے احاطے میں احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے واضح اعلان کیا کہ جب تک ان کی تنخواہیں بحال نہیں کی جاتیں، صفائی ستھرائی اور دیگر تمام معمولات زندگی مکمل طور پر بند رہیں گے۔ ملازمین کا کہنا تھا کہ مسلسل تین ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے کی وجہ سے وہ شدید مالی مشکلات میں دوچار ہیں، یہاں تک کہ مقامی پرچون فروش اور سبزی فروش بھی انہیں مزید ادھار دینے سے انکار کر چکے ہیں۔ ان کے مطابق شہر اور نواحی علاقوں کا صفائی کا نظام معطل کر دیا گیا ہے کیونکہ ٹریکٹرز اور دیگر مشینری کے لیے پٹرول و ڈیزل کی فراہمی بھی روک دی گئی ہے۔ احتجاجی ملازمین نے وضاحت کی کہ اگر خدانخواستہ کسی مقام پر آگ بھڑک اٹھی تو فائر بریگیڈ کی گاڑی عوامی خدمت کے لیے تیار رہے گی، تاہم صفائی ستھرائی اور دیگر بلدیاتی سرگرمیاں آج سے مکمل طور پر معطل کر دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی حلقوں کے اصرار پر صرف کتا مار مہم کو جاری رکھا گیا ہے تاکہ شہریوں کو مشکلات کا سامنا نہ ہو۔ اہلکاروں کا کہنا تھا کہ ہم اپنے گھروں کے چولہے جلانے اور دو وقت کی روٹی کے لیے بھی پریشان ہیں، تنخواہیں بند ہونے سے حالات ناقابل برداشت ہو گئے ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر خزانہ سے پرزور اپیل کی کہ میونسپل کمیٹی دالبندین کے تمام ملازمین کی تنخواہیں فوری طور پر بحال کی جائیں، بصورت دیگر احتجاج اور ہڑتال کا سلسلہ غیر معینہ مدت تک جاری رہے گا۔

CamScanner

## تربت ریموٹ کنٹرول دھماکہ کیپٹن سمیت 5 سیکورٹی اہلکار شہید، 31 دہشتگرد ہلاک

تربت کے دشت اور مند کے درمیانی علاقے میں ریموٹ کنٹرول بم دھماکے میں پانچ سکیورٹی فورسز کے اہلکار شہید ہو گئے ہیں۔ لیویز ذرائع کے مطابق اس واقعے میں شہید ہونے والے اہلکاروں میں کیپٹن وقار کاکڑ بھی شامل ہیں۔ دھماکے کے بعد علاقے میں سکیورٹی فورسز کی چوکیوں اور چیک پوسٹس پر تعیناتی سخت کر دی گئی ہے اور متعلقہ فورسز نے علاقے کی تلاشی اور تحقیقات کا عمل شروع کر دیا ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق دھماکہ کسی منصوبہ بندی کے تحت کیا گیا تھا، اور حکام نے علاقے کے تمام داخلی و خارجی راستوں کی نگرانی میں اضافہ کر دیا ہے۔ لیویز اور دیگر سکیورٹی اداروں کے حکام نے عوام سے درخواست کی ہے کہ وہ مشکوک اشیا یا افراد کی فوری اطلاع متعلقہ فورسز کو دیں تاکہ مزید حادثات سے بچا جا سکے۔ سکیورٹی فورسز نے خیبرپختونخوا میں دو مختلف کارروائیوں کے دوران بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے 31 دہشت گرد ہلاک کر دیے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع پر 13 اور 14 ستمبر کو لکی مروت اور بنوں میں کارروائیاں کیں۔ سکیورٹی فورسز نے لکی مروت میں انٹیلی جنس بنیاد پر آپریشن کر کے خوارج کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ لکی مروت میں دہشت گردوں سے شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 14 بھارتی پراکسی یافتہ خوارج کو ہلاک کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بنیاد پر دوسری کارروائی بنوں میں کی، فائرنگ کے تبادلے میں مزید 17 خوارج کو جہنم واصل کیا گیا۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا ہے کہ علاقے میں پائے جانے والے بھارتی سپانسرڈ شدہ خوارج کے خاتمے کیلئے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، سکیورٹی فورسز ملک سے بھارتی سپانسرڈ شدہ دہشت گردی کی لعنت کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔ واضح رہے کہ خیبرپختونخوا میں سکیورٹی فورسز نے 10 سے 13 ستمبر تک 2 مختلف آپریشنز میں بھی بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کے 35 دہشت گرد ہلاک کیا تھا

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 17 SEP 2025 Page No. 18

## بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود!

اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ بلوچستان کے تمام شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں چونکہ یہ معدنیات سے مالا مال صوبہ ہے اس وجہ سے اس کے کئی شعبوں میں سرمایہ کاری ہوسکتی ہے۔اس سلسلے میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بھی سرگرم ہیں وہ پچھلے دنوں چین کے دورے پر بھی گئے تھے وہاں انہوں نے چینی سرمایہ کاروں سے ملاقاتیں کرکے ان کو اس بارے آگاہ کیا ہے کہ وہ آئیں بلوچستان میں سرمایہ کاری کریں۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بھی سرمایہ کاری کے حوالے سے متعدد بات بیانات دے چکے ہیں انہوں نے اس سلسلے میں صوبائی حکومت کی جانب سے سرمایہ کاروں کو مکمل تحفظ دینے کے ساتھ دیگر مراعات دینے کی بات کی ہے۔جو کہ بلوچستان اور اس کی عوام کے بہترین مفاد میں ہے۔

گذشتہ روز گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے چائنیز بزنس مین پر مشتمل وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔موجودہ وفاقی اور صوبائی دونوں حکومتیں تمام قومی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو مکمل تحفظ فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔بلوچستان کوسٹل بیلٹ پر ترقی فشریز کی ترقی کے وسیع مواقع ہیں۔ماہی گیری سمیت زراعت اور لائیوسٹاک میں بھی چائنیز اور دیگر ترقی یافتہ ممالک کے تجربات سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔سی پیک کا شاندار منصوبہ پورے خطے میں معاشی جمود کو توڑنے اور متصل ممالک کی تقدیر بدلنے کی بے پناہ صلاحیت رکھتا ہے۔پہلی بار ایک پرائیویٹ کمپنی ویومر کنٹائل گڈانی میں سرمایہ کاری کررہی ہے جو سی پیک کو ترقی کی نئی بلندیوں تک لے جائے گی۔یہ سرمایہ کاری جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ گڈانی کی شپ بریکنگ انڈسٹری کو مزید فعال کرکے ماحول درست طریقوں کو یقینی بناکر اور نوجوانوں کو جدید مہارتیں فراہم کرتے ہوئے روزگار کے وسیع مواقع پیدا کریگی۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہونے سے متعلق گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل کا مذکورہ بیان قابل تعریف ہے اس میں انہوں نے تفصیل سے اس سلسلے میں بات کی ہے۔جو بلوچستان اور اس کے عوام کے بہترین مفاد میں ہے۔اسی طرح وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے اس سے قبل اس سے متعلق بیانات اور ویژن کے تحت بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی کاوشیں بھی قابل تحسین ہیں۔

## بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں

بلوچستان کے ضلع کیچ میں حالیہ بارودی دھماکے کے نتیجے میں پاک فوج کے ایک کپتان سمیت پانچ جوانوں کی شہادت نے پوری قوم کو غمزدہ کر دیا ہے۔ یہ سانحہ اس حقیقت کو ایک بار پھر اجاگر کرتا ہے کہ پاکستان کی سرزمین پر امن قائم کرنے کے لیے ہمارے سکیورٹی ادارے اور جوان کس قدر بڑی قربانیاں دے رہے ہیں۔ دہشت گردوں کے خلاف کلیئرنس آپریشن کے دوران پانچ دہشت گردوں کا انجام تک پہنچنا اس بات کا ثبوت ہے کہ دشمن کے ناپاک عزائم ناکام ہوں گے اور ان کے خلاف کارروائیاں بھرپور عزم کے ساتھ جاری رہیں گی۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گرد گروہوں کی سرگرمیوں میں حالیہ اضافہ اس امر کا متقاضی ہے کہ سکیورٹی ادارے مزید مربوط حکمت عملی کے ساتھ میدان میں رہیں۔ یہ بات بھی واضح ہے کہ دہشت گرد عناصر پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور سیاسی استحکام کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ ان کے خلاف جاری آپریشن محض عسکری کارروائی نہیں بلکہ یہ قوم کے مستقبل کو محفوظ بنانے کی جدوجہد ہے۔ شہید ہونے والے افسران اور جوانوں کی قربانیاں اس ملک کی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی۔ اب ضرورت ہے کہ پوری قوم یک زبان ہو کر دہشت گردی کے خلاف کھڑی رہے اور دہشت گردوں کو یہ پیغام دے کہ پاکستان کا عزم ناقابل شکست ہے۔ امن کی یہ جدوجہد مشکل ضرور ہے مگر فتح ہمیشہ انہی کی ہوتی ہے جو اپنے وطن کے لیے جانیں نچھاور کرتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 17 SEP 2025 Page No. 20


# Action against illegal trawling

Balochistan's coastline, a vital hub of marine life, is facing a serious threat from illegal trawling. This destructive fishing practice, often conducted by large, commercial vessels, is wreaking havoc on the province's delicate marine ecosystems and the livelihoods of its local fishermen. For years, these fishermen have been raising their voices in protest, yet their pleas have largely been met with inaction from provincial authorities. However, there's a glimmer of hope as the Balochistan Fisheries Department has now announced a decisive crackdown. This is a crucial step towards restoring the health of our seas and the well-being of our coastal communities. Illegal trawling is far from a simple act of fishing; it's a form of industrialized plunder. Trawlers drag large, heavy nets across the seabed, indiscriminately scooping up everything in their path. This isn't just about catching the target fish; it's about the collateral damage. Bycatch the unwanted fish and other marine creatures caught in the nets is often discarded back into the sea, dead or dying. This includes juvenile fish, turtles, and even dolphins, disrupting the marine food web and threatening the survival of numerous species. Furthermore, the nets themselves act like underwater bulldozers, destroying coral reefs and other vital seabed habitats that serve as nurseries for countless fish species. The long-term consequences are dire, leading to a collapse of fish stocks and a barren underwater landscape. While the ecological damage is immense, the human cost is equally devastating. The local fishermen of Balochistan, who rely on traditional, small-scale fishing methods, are the primary victims. They operate sustainably, using techniques that have been passed down through generations, ensuring the health of the marine ecosystem for future use. However, the unchecked illegal trawling has led to a steep decline in fish populations, making it increasingly difficult for them to make a living. Their catches have dwindled, pushing many into poverty and despair. This crisis is not just an environmental issue; it's a socio-economic one, affecting thousands of families who depend on the sea for their survival. The recent announcement by the Balochistan Fisheries Department is a welcome development, but it's just the beginning. The government must move beyond rhetoric and implement a comprehensive and sustained crackdown. Patrols must be increased, and those caught engaging in illegal trawling should face severe penalties, including hefty fines and the confiscation of their vessels.

The use of modern technology, such as satellite tracking and drone surveillance, can help monitor the coastline more effectively. The government should work with local fishermen, providing them with the resources and authority to report and help combat illegal trawling.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6 Dated: 17 SEP 2025 Page No. 21


# این ایف سی ایوارڈ: وزیر اعلیٰ کی اپوزیشن اور دیگر جماعتوں سے مشاورت




کوئٹہ سے رضا الرحمان کا تجزیہ

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایک مرتبہ پھر بلوچستان اسمبلی کی متحدہ اپوزیشن کو دعوت دی ہے کہ بلوچستان کے حقوق کے حصول کیلئے یکجا ہو کر جدوجہد کی جائے۔ بلوچستان اسمبلی کے حالیہ سیشن میں ایک پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ این ایف سی ایوارڈ ہو یا مائنز اینڈ منرلز ایکٹ اتفاق رائے قائم کریں گے، اپوزیشن لیڈر اور دیگر نمائندے آئیں، مل بیٹھ کر ان معاملات کو دیکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ این ایف سی پر اپنے کیس کو مزید مضبوط کرنے کیلئے وہ سیاسی جماعتیں جو پارلیمان سے باہر ہیں ان کے سربراہان سے بھی رابطہ کر کے رائے پوچھی جائے گی تاکہ بلوچستان حکومت کی طرف سے ایک مضبوط اور متفقہ کیس پیش کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر بھی دوبارہ اتفاق رائے قائم کرنا چاہتے ہیں۔ اس کیلئے وہ چاہتے ہیں کہ اپوزیشن اپنے نمائندے مقرر کرے اور حکومت کے ساتھ مل کر باہمی اتفاق رائے سے اس ایکٹ کو پارلیمنٹ میں لایا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے دیگر ایشوز پر بھی بات کرنے کو تیار ہیں۔ اپوزیشن آگے بڑھے ہم بھی اپنی پوری ٹیم بٹھائیں گے تاکہ جتنی جلدی ہو سکے ان ایشوز کو حل کیا جائے۔ ہم اپوزیشن کو قائل کریں گے اپوزیشن ہمیں قائل کرے۔

رکن اسمبلی رحمت صالح بلوچ نے پوائنٹ آف آرڈر پر کہا کہ سوشل میڈیا پر ان کے خلاف پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے کہ ان کے حلقے میں ایک ارب 38 کروڑ روپے کی کرپشن ہوئی ہے، جس کی وہ تردید کرتے ہیں۔ انہوں نے حکومت کو پیشکش کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ معائنہ ٹیم ان کے حلقے میں جا کر تحقیقات کرے جس کے جواب میں وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ سوشل میڈیا بے قابو ہوتا جا رہا ہے جس کا دل کرے کسی کی بھی پگڑی اچھال دے اور الزام لگا دے، جو الزام لگائے اسے ثابت بھی کرے۔ ہمیں اس کا تدارک کرنا ہوگا۔ انہوں نے اپوزیشن کو دعوت دی کہ مل بیٹھ کر اس حوالے سے کمیٹی بنائیں۔ وزیر اعلیٰ کا یہ بھی کہنا تھا کہ بعض ایسے سوشل میڈیا کے چینلز ہیں جو پارلیمان اور پارلیمانی نظام کو کمزور کرنا چاہتے ہیں جس کی یہ ایوان شدید مذمت کرتا ہے۔ سوشل میڈیا کے حوالے سے



قانون سازی ہونی چاہیے۔

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی نے 11 ویں قومی مالیاتی کمیشن پر مشاورت کیلئے بلوچستان کی تمام سیاسی جماعتوں کے سربراہان، قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی، وکلاء تنظیموں اور مختلف مکتبہ فکر اور شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے نمائندوں کے نام خطوط ارسال کرتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ آئین پاکستان 1973ء کے تحت اور صوبائی حکومتوں کی درخواست پر صدر پاکستان نے 11 واں این ایف سی ایوارڈ کمیشن تشکیل دیا ہے۔ 18 ویں آئینی ترمیم سے اہم شعبہ جات صوبوں کو منتقل ہوئے اور صوبائی حکومتوں کی ذمہ داریاں بڑھ گئیں، اس صورت حال میں وسائل کی نئی تقسیم ناگزیر ہے تاکہ صوبوں کی ضروریات اور اخراجات کی درست عکاسی ہو سکے۔ خط میں مزید کہا گیا ہے کہ بلوچستان کو خصوصی نوعیت کے چیلنجز کا سامنا ہے جن میں کم آبادی کے باوجود وسیع رقبہ، امن و امان پر اضافی اخراجات، قدرتی ذخائر کی دریافت، بنیادی ڈھانچے اور انسانی ترقی کے شعبہ جات میں بھاری سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ ان حقائق کو آئندہ این ایف سی ایوارڈ میں بھرپور طور پر اجاگر کرنا ضروری ہے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے خط میں سب کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے وسیع تر مفاد میں، میں آپ کو این ایف سی ایوارڈ



سے متعلق تشکیل شدہ ماہرین کی ٹیکنیکل ٹیم سے ملاقات کی دعوت دیتا ہوں تاکہ ہم آپ کی قیمتی آراء اور تجاویز براہ راست سن سکیں اور این ایف سی ایوارڈ سے متعلق بلوچستان کے موقف کو متعلقہ فورم پر موثر انداز میں پیش کیا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں کے سربراہاں، قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی، وکلاء تنظیموں اور مختلف مکاتب فکر اور شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے نمائندوں کی مشاورت حکومت کیلئے باعث اعزاز ہوگی اور ان کی رائے صوبے کے منصفانہ اور مستحکم مالی مستقبل کی تشکیل میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔ ادھر بلوچستان کابینہ نے اپنے 19 ویں اجلاس میں اقلیتوں کی فلاح و بہبود کیلئے انڈومنٹ فنڈ قائم کرنے کی منظوری دے دی۔ اسی طرح کابینہ نے بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ٹرانس جینڈر پالیسی کی منظوری دینے کے ساتھ ساتھ محکمہ داخلہ کی سفارش پر نفرت آمیز اشاعت شدہ مواد پر پابندی لگانے کا بھی فیصلہ کیا ہے تاکہ معاشرے میں ہم آہنگی کو فروغ دیا جا سکے۔ صوبائی کابینہ نے خالق آباد اور سکندر آباد کے پرانے نام بھی بحال کر دیئے ہیں۔ ساکران اور کربلا کو تحصیل کا درجہ دینے اور دالبندین میں جدید پرنس فہد ہسپتال کے قیام کی بھی کابینہ نے اتفاق رائے سے منظوری دی۔

سیاسی مبصرین کے مطابق وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی گڈ گورننس کے قیام اور صوبے کی خوشحالی کے منصوبے کو لے کر آگے تو بڑھ رہے ہیں لیکن انہیں اس وقت صوبائی محکموں میں شدید مالی بے ضابطگیوں اور بدانتظامی جیسے چیلنجز کا سامنا ہے۔ جو کہ گڈ گورننس کے قیام کے ان کے دعوؤں پر سوالیہ نشان ہے۔ وزیر اعلیٰ کی کوشش ہے کہ صوبے میں امن کے ساتھ ساتھ ترقی و خوشحالی کیلئے بھی موثر حکمت عملی اختیار کی جائے جس کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز اور پارلیمان کے اندر اور باہر بیٹھی جماعتوں، قبائلی عمائدین اور سیاسی شخصیات کو اعتماد میں لیا جائے جو کہ ایک خوش آئند بات ہے۔ بلوچستان حکومت نے ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے انتظامات مکمل کر لئے ہیں۔ صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ اور صادق عمرانی نے بلوچستان اسمبلی کو بتایا ہے کہ ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر صوبے کے نصیر آباد ڈویژن کے ان اضلاع کے لوگوں کو جن کے حوالے سے خدشہ ہے، محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ اسی طرح سندھ حکومت سے طے پایا ہے کہ سیلاب کی صورتحال میں کوئی بند نہیں توڑا جائے گا۔ اگر گیارہ لاکھ کیوسک سے زیادہ پانی آتا ہے تو دونوں وزراء اعلیٰ مل کر کوئی فیصلہ کریں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 17 SEP 2025 Page No. 22


# بی گرینڈ جرگہ 2025

ڈویژنل انفارمیشن آفس بی،

بی بلوچستان کی تاریخ کا وہ خطہ ہے، جس نے ہمیشہ سیاسی، سماجی اور قبائلی سطح پر کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ بی تاریخی طور پر جرگوں کا مرکز رہا ہے، جہاں قبائل کے درمیان تنازعات اور مسائل جرگہ سسٹم کے ذریعے حل کیے جاتے رہے ہیں۔ بلوچ ثقافت میں جرگہ نہ صرف انصاف کا ذریعہ ہے بلکہ یہ باہمی

## رپورٹ: عنایت الرحمٰن

اتفاق اور یکجہتی کی علامت بھی ہے۔ اس جرگہ روایت کی بنیاد پر آج بھی عوامی مسائل پر بات چیت اور ان کے حل کے لیے گرینڈ جرگے منعقد کیے جاتے ہیں۔ ماضی کی انہی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے گزشتہ روز بی میں ایک تاریخی گرینڈ جرگے کا اہتمام کیا گیا۔ جرگہ میں اہم اعلیٰ شخصیات گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، کور کمانڈر 12 کور راحت نسیم احمد خان، رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی، صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس سردار کوہیار خان ڈوکی، صوبائی وزیر کیمونیکیشن اینڈ ورکس سلیم کھوسہ، رکن صوبائی اسمبلی عاصم کرد گیلو، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر، آئی جی پولیس محمد طاہر اور قبائلی عمائدین، معتبرین کی کثیر تعداد بھی شریک تھی گورنر بلوچستان کا خطاب گرینڈ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ جرگہ بلوچ ثقافت کا ایک لازمی جزو ہے اور اس روایت نے ہمیشہ عوام کو مسائل کے حل کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سلسلہ ژوب سے شروع ہوا اور آج بی تک پہنچا ہے، جہاں عوام اپنے مسائل کھل کر بیان کر سکتے ہیں۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ ژوب میں بھی

ریاست مخالف قوتوں نے لوگوں کو ورغلانے کی کوشش کی، لیکن عوام نے دانشمندی کا مظاہرہ کیا اور دشمن کے عزائم ناکام بنا دیے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہندوستان کبھی پاکستان کا دوست نہیں ہو سکتا، وہ شروع دن سے پاکستان کے خاتمے کے درپے ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہمیں کسی کے آلہ کار نہیں بننا چاہیے بلکہ اپنی آنے والی نسلوں کے مستقبل کو پاکستان کے ساتھ جوڑنا ہوگا۔ انہوں نے طلباء کے لیے سہولیات، فیسوں میں رعایت اور اسکالرشپس کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ یہ اقدامات ان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کا خطاب گرینڈ جرگے کے مہمان خصوصی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حقوق کے نام پر مسلط کردہ جنگ نے سب سے زیادہ بلوچ عوام کو متاثر کیا ہے، حالانکہ اس کا حقوق و محروم سے کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ محض دہشت گردی ہے، جس کا مقصد پاکستان کو کمزور کرنا ہے۔ وزیراعلیٰ نے نوجوانوں اور قبائلی عمائدین سے کہا کہ وہ زمینی حقائق کو تسلیم کریں اور یہ سمجھیں کہ پاکستان ہی بلوچستان کے بہتر مستقبل کی ضمانت ہے۔ وزیراعلیٰ نے سوشل میڈیا کے غلط استعمال کو نوجوانوں کی گمراہی کی ایک بڑی وجہ قرار دیا اور کہا کہ دشمن پروپیگنڈے کے ذریعے نوجوانوں کو ریاست مخالف سمت میں لے جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف حکومت ہے جو نوجوانوں کو آکسفورڈ اور ہارورڈ جیسی یونیورسٹیوں تک رسائی فراہم کر رہی ہے جبکہ دوسری طرف دشمن قوتیں انہیں دہشت گردی کی تاریکیوں میں دھکیل رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے خواتین، اقلیتوں اور بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے حکومتی اقدامات کا ذکر کیا اور کہا کہ حکومت ان کے لیے عملی منصوبے بجٹ میں شامل کر چکی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ خواتین کا احترام حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے اس امر پر

بھی زور دیا کہ ایک اچھے شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے سب کو آئین پاکستان کی پاسداری کرنی چاہیے عوامی سوالات کے جواب دیتے ہوئے وزیراعلیٰ نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا اعلان کیا جن میں: محکمہ صحت میں ڈاکٹروں اور 30 سے زائد اسپیشلسٹ ڈاکٹروں کی بھرتی، بی-تلی اور کوئٹہ-بی روڈ پر کام کا آغاز، تین ارب روپے کی لاگت سے سیلکٹ پراجیکٹ، میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے لیے بس کی فراہمی، خواتین کے لیے پارک، آئی ٹی سیکٹر اور لائبریری کا قیام، طلباء کو آسان اقساط پر اسکوٹیاں دینے کا منصوبہ، اور بی ڈویژن پر ڈاکومنٹری بنانے والے طلباء کے لیے 8 لاکھ روپے انعام شامل ہیں۔ کور کمانڈر 12 کور کا خطاب اس موقع پر کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ ملک عوام کے لیے ہے اور حکومت عوام کی خدمت کے لیے موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی ہدایت کے مطابق ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا نفاذ ہو چکا ہے جس کے ذریعے عوامی مسائل ضلعی سطح پر حل ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ امن و امان کو بہتر بنانے کے لیے حکومت نے بی ایریاز کو اے ایریاز میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس سے عوامی تحفظ میں اضافہ ہوگا۔ کور کمانڈر نے بی-کوئٹہ روڈ کی توسیع کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس سے عوام کے مسائل میں نمایاں کمی آئے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی تعاون سے صوبے میں امن و امان کی صورتحال مزید بہتر ہوگی۔ بی میں منعقدہ اس گرینڈ جرگہ نے ایک مرتبہ پھر یہ ثابت کیا ہے کہ جرگے بلوچ ثقافت کی جڑ ہیں اور آج بھی عوامی مسائل کے حل کا موثر ذریعہ ہیں۔ گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ اور کور کمانڈر کے خطابات نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان اور پاکستان کا مستقبل ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا ہے اور کسی بھی ریاست مخالف پروپیگنڈے کو عوامی اتحاد سے ناکام بنا دیا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. Dated: 17 SEP 2025 Page No.




چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner